Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NOHA & MARSIYA

Jab Zulf Ko Khole Hue Laila-e-Shab Aayi

جب زلف کو کھولے ہوئے لیلائے شب آئی

Marsiya by Mir Anees

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Jab zulf ko khole hue Laila-e-shab aayi	جب زلف کو کھولے ہوئے لیلائے شب آئی
Pardes mein sadaat pe, aafat ajab aayi	پردیس میں سادات پہ، آفت عجب آئی
Faryad kunan rooh-e-amir-e-Arab aayi	فریاد کناں روح امیر عرب آئی
Ghul tha ke shab-e-qatl-e-shah-e-tishna lab aayi	غل تھا کہ شب قتل شہ تشنہ لب آئی
Sadaat ko kya kya gham-e-jaankah dikhaaye	سادات کو کیا کیا غمِ جانکاہ دکھائے
Raat aisi musibat ki na Allah dikhaaye	رات ایسی مصیبت کی نہ اللہ دکھائے

When the Laila of night came with her tresses unbound,
A strange calamity fell on the Sayyids far from home;
The soul of the Lord of Arabia came crying out;
There was an outcry: the night of the killing of the thirsty-lipped King had come.
What soul-wasting griefs it showed the Sayyids!
May Allah never show anyone such a night of misfortune!

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

2

Kaghaz pe likhe kya qalam us shab ki siyahi
Hai chaar taraf jis ki siyahi se tabahi
Murghan-e-hawa barr mein tapan, bahr mein mahi
Turbat se nikal aaye the mahboob-e-ilahi
Faryad ka tha shor rasoolan-e-salaf mein
Yasrib mein tazalzul tha udaasi thi Najaf mein

کاغذ پہ لکھے کیا قلم اس شب کی سیاہی
ہے چار طرف جس کی سیاہی سے تباہی
مرغان ہوا بر میں طپاں، بحر میں ماہی
تربت سے نکل آئے تھے محبوب الٰہی
فریاد کا تھا شور رسولان سلف میں
یثرب میں تزلزل تھا اداسی تھی نجف میں

How can the pen write on paper of the darkness of that night,
Whose darkness brings ruin on every side?
The birds of the air writhed on land, the fish in the sea;
The Beloved of God had come out of his grave;
There was a clamour of lament among the messengers of old;
Yasrib was shaken, and there was sorrow in Najaf.

3

Sadme se hua rang-e-rukh-e-mah ka kafoor
Akhtar bhi bane mardumak-e-dida-e-be noor
Gham chha gaya, raahat dil-e-aalam se hui door
Tasveer-e-alam ban gayi jannat mein har ik hoor
Kehte the malak raat na hove gi ab aisi
Taaron ne bhi dekhi na thi tareek shab aisi

صدمے سے ہوا رنگ رخ ماہ کا کافور
اختر بھی بنے مردمک دیدۂ بے نور
غم چھا گیا، راحت دل عالم سے ہوئی دور
تصویر الم بن گئی جنت میں ہر اک حور
کہتے تھے ملک رات نہ ہووے گی اب ایسی
تاروں نے بھی دیکھی نہ تھی تاریک شب ایسی

With the shock, the colour of the moon's face vanished;
The stars too became the pupils of eyes without light;
Grief spread everywhere; comfort left the heart of the world;
Every houri in Paradise became a picture of sorrow.
The angels said, "There will never be such a night again;
Even the stars had never seen so dark a night."

Free to read, copy and share

4

Shama-e-tarab-e-mehfil-e-aalam thi jo khamosh
Thi raat bhi Shabbir ke maatam mein siyah posh
Kya gham tha ke shaadi thi har ik dil ko faramosh
Har chashm ko tha gham mein samundar ki tarah josh
Muztar the Ali ashkon se munh dhoti thi Zahra
Maqtal tha jahan shah ka, waan roti thi Zahra

شمع طرب محفل عالم تھی جو خاموش
تھی رات بھی شبیرؑ کے ماتم میں سیہ پوش
کیا غم تھا کہ شادی تھی ہر اک دل کو فراموش
ہر چشم کو تھا غم میں سمندر کی طرح جوش
مضطر تھے علیؑ اشکوں سے منہ دھوتی تھی زہراؑ
مقتل تھا جہاں شاہ کا، واں روتی تھی زہراؑ

The candle of joy in the gathering of the world had gone out;
The night too was clad in black, mourning for Shabbir;
Such was the grief that every heart had forgotten gladness;
Every eye surged with grief like the sea;
Ali was restless, and Zahra washed her face with tears;
Where the King's place of slaughter was, there Zahra wept.

5

Tha khana-e-gham khema-e-shahanshah-e-wala
Aandhi ye pareshan thi ke dil tha tah-o-bala
Mashal na thehrti thi, na shamaon ka ujaala
Khema bhi andhere mein nazar aata tha kaala
Khaak urti thi munh par, haram-e-Sher-e-Khuda ke
Tha cheen ba jabeen farsh bhi jhonkon se hawa ke

تھا خانۂ غم خیمۂ شاہنشہ والا
آندھی یہ پریشاں تھی کہ دل تھا تہ و بالا
مشعل نہ ٹھہرتی تھی، نہ شمعوں کا اجالا
خیمہ بھی اندھیرے میں نظر آتا تھا کالا
خاک اڑتی تھی منہ پر، حرم شیر خدا کے
تھا چیں بجبیں فرش بھی جھونکوں سے ہوا کے

The tent of the exalted King of kings was a house of grief;
The storm blew so wildly that hearts were thrown into turmoil;
No torch would stay alight, nor did the candles give their light;
Even the tent looked black in the darkness;
Dust blew into the faces of the women of the Lion of God;
Even the floor frowned, creased by the gusts of wind.

Free to read, copy and share

6

Jangal ki hawa, aur darindon ki sadaayen
جنگل کی ہوا، اور درندوں کی صدائیں

Tharraati thin bachchon ko chhupaaye hue maayen
تھراتی تھیں بچوں کو چھپائے ہوئے مائیں

Dharka tha ke dehshat se na jaane kahin jaayen
دھڑکا تھا کہ دہشت سے نہ جانے کہیں جائیں

Roti thi koi, aur koi parhti thi duaayen
روتی تھی کوئی، اور کوئی پڑھتی تھی دعائیں

Godon mein bhi raahat na zara paate the bachche
گودوں میں بھی راحت نہ ذرا پاتے تھے بچے

Jab bolte the sher to dar jaate the bachche
جب بولتے تھے شیر تو ڈر جاتے تھے بچے

The wind of the wilderness, and the cries of wild beasts;
Mothers trembled as they hid their children;
They dreaded that in their terror the children might stray off who knows where;
One woman wept, and another recited prayers;
Even held in laps, the children found no comfort at all;
When the lions roared, the children took fright.

7

Bachchon ke bilakne pe haram karte the zaari
بچوں کے بلکنے پہ حرم کرتے تھے زاری

Ghash ho gayi thi baali Sakina kai baari
غش ہو گئی تھی بالی سکینہؑ کئی باری

Chillaati thi ro ro ke wo Shabbir ki pyaari
چلاتی تھی رو رو کے وہ شبیرؑ کی پیاری

Ya Hazrat-e-Abbas chali jaan hamaari
یا حضرت عباسؑ چلی جان ہماری

Afsos ke paani ka to qatra nahin ghar mein
افسوس کہ پانی کا تو قطرہ نہیں گھر میں

Aur aag lagi hai mere nanhe se jigar mein
اور آگ لگی ہے مرے ننھے سے جگر میں

At the children's sobbing the women lamented aloud;
Little Sakina had fainted many times;
Weeping, Shabbir's darling cried out,
"O honoured Abbas, my life is slipping away!
Alas, there is not a drop of water in the house,
And there is fire in my little heart."

Free to read, copy and share

8

Thi sab se siwa, bint-e-Ali, muztar-o-betaab
Faq ho gaya tha shaam se munh surat-e-mahtab
Mizhgan se rukh-e-pak pe thi, baarish-e-khoon nab
Talwar kaleje pe chale jab to kahan taab
Ik karb tha bismil ki tarah jaan-e-hazeen par
Uthti thi kabhi aur kabhi girti thi zameen par

تھی سب سے سوا، بنت علی، مضطر و بیتاب
فق ہو گیا تھا شام سے منہ صورت مہتاب
مژگاں سے رخ پاک پہ تھی، بارش خوں ناب
تلوار کلیجے پہ چلے جب تو کہاں تاب
اِک کرب تھا بسمل کی طرح جان حزیں پر
اٹھتی تھی کبھی اور کبھی گرتی تھی زمیں پر

More than all, the daughter of Ali was anguished and restless;
Since evening her face had turned pale as the moon;
Tears of pure blood rained from her lashes onto her holy face;
When a sword cuts at the heart, who has the strength to bear it?
Her grieving soul writhed in anguish like a slaughtered bird;
Now she would rise, and now she would fall to the ground.

9

Kehti thi kabhi, aaj payambar nahin hae hae
Haal apna dikhaaoon kise Haidar nahin hae hae
Beti pe falak toota hai, madar nahin hae hae
Shabbir musibat mein the, Shabbar nahin hae hae
Dekha na suna ye jo sitam aaj hai logo
Naazon ka pala paani ko muhtaj hai logo

کہتی تھی کبھی، آج پیمبر نہیں ہے ہے
حال اپنا دکھاؤں کسے حیدرؑ نہیں ہے ہے
بیٹی پہ فلک ٹوٹا ہے، مادر نہیں ہے ہے
شبیرؑ مصیبت میں تھے، شبرؑ نہیں ہے ہے
دیکھا نہ سنا یہ جو ستم آج ہے لوگو
نازوں کا پلا پانی کو محتاج ہے لوگو

Sometimes she said, "Today the Prophet is not here, alas, alas!
To whom shall I show my state? Haidar is not here, alas, alas!
The sky has fallen on the daughter; my mother is not here, alas, alas!
Shabbir is in distress, and Shabbar is not here, alas, alas!
No one has seen or heard of such cruelty as today's, O people;
He who was raised so tenderly is in need of water, O people!"

Free to read, copy and share

10

Dar pesh hai kal fauj-e-sitamgar se larai
درپیش ہے کل فوج ستمگر سے لڑائی

Yaan thore se pyaase hain, udhar saari khudai
یاں تھوڑے سے پیاسے ہیں، ادھر ساری خدائی

Be sar diye ran se na phire ga mera bhai
بے سر دیے رن سے نہ پھرے گا مرا بھائی

Ho jaaye gi Haidar ke bhare ghar ki safai
ہو جائے گی حیدرؑ کے بھرے گھر کی صفائی

Is gham se sada ashkon se munh dhoti thin amman
اس غم سے سدا اشکوں سے
منہ دھوتی تھیں اماں

Kal din wo hai jis din ke liye roti thi amman
کل دن وہ ہے جس دن کے لئے روتی تھی اماں

"Tomorrow there is to be a battle with the army of the oppressor;
Here are a few thirsty men; there, the whole world;
My brother will not turn back from the battlefield without giving his head;
Haidar's full house will be swept away;
It was for this grief that Mother always washed her face with tears;
Tomorrow is the day for which Mother used to weep."

11

The doosre khema mein idhar sibt-e-payambar
تھے دوسرے خیمہ میں ادھر سبط پیمبر

Darbar mein hazir the rafiqan-e-dilawar
دربار میں حاضر تھے رفیقان دلاور

Ik pehlu mein Qasim the aur ik pehlu mein Akbar
اک پہلو میں قاسمؑ تھے اور اک پہلو میں اکبرؑ

Akbar ke udhar lakht-e-dil-e-Zainab-e-muztar
اکبرؑ کے ادھر لخت دل زینب مضطر

Shabbir mohabbat se sukhan karte the sab se
شبیرؑ محبت سے سخن کرتے تھے سب سے

Abbas Ali saamne baithe the adab se
عباسؑ علی سامنے بیٹھے تھے ادب سے

Here, in the other tent, was the Prophet's grandson;
His brave companions were present at his court;
Qasim was at one side of him and Akbar at the other;
Beyond Akbar sat the beloved son of the anguished Zainab;
Shabbir spoke lovingly with them all;
Abbas Ali sat before him with respect.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

12

Sar garm the mar jaane pe, sab shah ke ansar
سر گرم تھے مر جانے پہ، سب شاہ کے انصار

Abbas se ye kehta tha, wo kal ka madadgar
عباس سے یہ کہتا تھا، وہ کل کا مددگار

Tum rahiyo zara khema-e-namoos se hoshyar
تم رہیو ذرا خیمۂ ناموس سے ہشیار

Dar hai na kare be adabi lashkar-e-kuffar
ڈر ہے نہ کرے بے ادبی لشکر کفار

Be deenon ko raahat meri manzoor nahin hai
بے دینوں کو راحت مری منظور نہیں ہے

Shab khoon jo udhar se ho, to kuchh door nahin hai
شب خوں جو ادھر سے ہو، تو کچھ دور نہیں ہے

All the King's helpers were eager to die;
To Abbas the helper of tomorrow was saying,
"Keep a careful watch over the women's tent;
I fear the army of the unbelievers may do some outrage;
The faithless do not want me to have any rest;
A night raid from their side would be no surprise."

13

Ye zikr abhi tha ke yakayak khabar aayi
یہ ذکر ابھی تھا کہ یکایک خبر آئی

Ae chaand Yadullah ke, shab dopahar aayi
اے چاند ید اللہ کے، شب دوپہر آئی

Hazrat ko sitaaron ki jo gardish nazar aayi
حضرت کو ستاروں کی جو گردش نظر آئی

Dil yaad-e-Khuda karne laga, chashm bhar aayi
دل یاد خدا کرنے لگا، چشم بھر آئی

Farmaya bara ajr hai, bedari-e-shab ka
فرمایا بڑا اجر ہے، بیداریٔ شب کا

Ae tishna labo waqt hai ye taat-e-Rab ka
اے تشنہ لبو وقت ہے یہ طاعت رب کا

They were still speaking of this when suddenly word came:
"O moon of the Hand of God, the night has reached its middle."
When the Hazrat saw how the stars had turned,
His heart turned to the remembrance of God, and his eyes filled with tears;
He said, "Great is the reward for keeping vigil at night;
O thirsty-lipped ones, this is the time for obedience to the Lord."

Free to read, copy and share

14

Ab umr bhi aakhir hai, namazen bhi hain aakhir
اب عمر بھی آخر ہے، نمازیں بھی ہیں آخر

Be tosha pahunchta nahin, manzil pe musafir
بے توشہ پہونچتا نہیں، منزل پہ مسافر

Har waqt hai Rab-e-do jahan hazir-o-nazir
ہر وقت ہے ربِ دو جہاں حاضر و ناظر

Ajr un ke muzaaf hain jo hain sabir-o-shakir
اجر ان کے مضاعف ہیں جو ہیں صابر و شاکر

Mushkil na kisi ranj ko samjhe na bala ko
مشکل نہ کسی رنج کو سمجھے نہ بلا کو

Banda wahi banda hai jo bhoole na Khuda ko
بندہ وہی بندہ ہے جو بھولے نہ خدا کو

"Now life is at its end, and so are our prayers;
No traveller reaches his halting place without provisions;
At every moment the Lord of both worlds is present and watching;
Those who are patient and thankful have their reward many times over;
Let one think no sorrow hard, and no affliction;
He alone is truly a servant who does not forget God."

15

Naam us ka rahe wird, safar ho ke hazar ho
نام اس کا رہے ورد، سفر ہو کہ حضر ہو

Maujood samajh le use jangal ho ke ghar ho
موجود سمجھ لے اسے جنگل ہو کہ گھر ہو

Sajde hi kare dukh mein ke raahat mein basar ho
سجدے ہی کرے دکھ میں کہ راحت میں بسر ہو

Tasbeeh mein shab ho, to namazon mein sahar ho
تسبیح میں شب ہو، تو نمازوں میں سحر ہو

Ishq-e-gul-e-tar zulm ke khaaron mein na bhoole
عشق گل تر ظلم کے خاروں میں نہ بھولے

Mashooq ko talwaron ki dhaaron mein na bhoole
معشوق کو تلواروں کی دھاروں میں نہ بھولے

"Let His name be ever on one's lips, travelling or at rest;
Let one know Him present, whether in the wilderness or at home;
Let one only bow down to Him, whether life passes in pain or in comfort;
Let the night be spent in His praise, and the dawn in prayer;
Let one not forget the love of the fresh rose among the thorns of cruelty,
Nor forget the Beloved beneath the edges of the swords."

Free to read, copy and share

16

Choome lab-e-sofar, jo seene pe lagen teer
چومے لب سوفار، جو سینے پہ لگیں تیر

Dam ishq ka bharta rahe zer-e-dam-e-shamsheer
دم عشق کا بھرتا رہے زیر دم شمشیر

Zakhmon ko ye samjhe, ke mila gulshan-e-tauqeer
زخموں کو یہ سمجھے، کہ ملا گلشن توقیر

Takbeer ka nara ho zaban par, dam-e-takbeer
تکبیر کا نعرہ ہو زباں پر، دم تکبیر

Katne mein ragon ke na sada aah ki nikle
کٹنے میں رگوں کے نہ صدا آہ کی نکلے

Har rang mein boo ulfat-e-Allah ki nikle
ہر رنگ میں بو الفت اللہ کی نکلے

"Let him kiss the notch of the arrow when arrows strike his breast;
Let him keep professing his love beneath the edge of the sword;
Let him count his wounds as a garden of honour he has been given;
Let the cry 'God is Greatest' be on his tongue at the moment of the takbir;
As his veins are cut, let no cry of pain escape him;
In every colour let the scent of the love of Allah come forth."

17

Shah ne sukhan-e-marifat-e-haq jo sunaaye
شہ نے سخن معرفت حق جو سنائے

Ashk aankhon mein har aashiq-e-sadiq ke bhar aaye
اشک آنکھوں میں ہر عاشق صادق کے بھر آئے

Kuchh pyaas ka shikwa bhi zaban par nahin laaye
کچھ پیاس کا شکوہ بھی زباں پر نہیں لائے

Sajjade wahin la ke daleron ne bichhaaye
سجادے وہیں لا کے دلیروں نے بچھائے

Takbeeren huin lashkar-e-Allah-o-nabi mein
تکبیریں ہوئیں لشکر اللہ و نبی میں

Sab mahv hue yaad-e-janab-e-ahadi mein
سب محو ہوئے یاد جناب احدی میں

When the King had spoken these words of the knowledge of God,
The eyes of every true lover filled with tears;
Not one of them brought any complaint of thirst to his lips;
Right there the brave men brought and spread their prayer mats;
Cries of 'God is Greatest' rose in the army of Allah and the Prophet;
All were lost in remembrance of the One God.

Free to read, copy and share

18

Tasbeeh kahin thi kahin sajde kahin zaari
تسبیح کہیں تھی کہیں سجدے کہیں زاری

Tha saut-e-hasan se koi Quran ka qari
تھا صوت حسن سے کوئی قرآن کا قاری

Karta tha koi arz ke ya Hazrat-e-Bari
کرتا تھا کوئی عرض کہ یا حضرت باری

Ab subh ko izzat hai tere haath hamaari
اب صبح کو عزت ہے ترے ہاتھ ہماری

Hurmat se shareek-e-shuhada kijiyo ya Rab
حرمت سے شریک شہدا کیجیو یا رب

Tu hausla-e-sabr, ata kijiyo ya Rab
تو حوصلۂ صبر، عطا کیجیو یا رب

Here there was praise of God, there prostration, elsewhere weeping;
One was reciting the Quran in a beautiful voice;
Another was pleading, "O exalted Maker,
Tomorrow morning our honour is in Your hands;
Grant us with honour a place among the martyrs, O Lord;
Grant us the strength of patience, O Lord."

19

Hum hain tere mahboob ke pyaare ke madadgar
ہم ہیں ترے محبوب کے پیارے کے مددگار

Marne ke liye aaye hain ya chhor ke ghar baar
مرنے کے لئے آئے ہیں یا چھوڑ کے گھر بار

Ye banda-e-be kas hai musibat mein giraftar
یہ بندۂ بے کس ہے مصیبت میں گرفتار

Kar rahm ke hai zaat teri rahim-o-ghaffar
کر رحم کہ ہے ذات تری راحم و غفار

Faaqon ke sabab, jism ki taqat mein kami hai
فاقوں کے سبب، جسم کی طاقت میں کمی ہے

Tujh se talab-e-quwwat-e-sabit qadami hai
تجھ سے طلب قوت ثابت قدمی ہے

"We are the helpers of the darling of Your Beloved;
We have come here to die, leaving home and family;
This helpless servant is caught in affliction;
Have mercy, for Your being is merciful and forgiving;
Through hunger the strength of our bodies has waned;
From You we ask the strength to stand firm."

Free to read, copy and share

20

Be kas hain musafir hain, watan door hai, ghar door
بے کس ہیں مسافر ہیں، وطن دور ہے، گھر دور

Haftum se hamen ghere hai ye lashkar-e-maqhoor
ہفتم سے ہمیں گھیرے ہے یہ لشکر مقہور

Teeron se hon ghirbal ke teghon se badan choor
تیروں سے ہوں غربال کہ تیغوں سے بدن چور

Ahmad ke nawaase se judai nahin manzoor
احمدؐ کے نواسے سے جدائی نہیں منظور

Phir munh kise dikhlaayen jo sardar ko chhoren
پھر منہ کسے دکھلائیں جو سردار کو چھوڑیں

Kyun kar tere maqbool ki sarkar ko chhoren
کیوں کر ترے مقبول کی سرکار کو چھوڑیں

"We are helpless, we are travellers; our homeland is far, our home is far;
Since the seventh this accursed army has hemmed us in;
Whether our bodies are riddled by arrows like sieves or shattered by swords,
We will not accept parting from Ahmad's grandson;
To whom could we show our faces if we abandoned our leader?
How could we abandon the court of the one You have accepted?"

21

Mardon ke liye nang hai talwaron se darna
مردوں کے لئے ننگ ہے تلواروں سے ڈرنا

Raahat ho ke iza, yahin jeena, yahin marna
راحت ہو کہ ایذا، یہیں جینا، یہیں مرنا

Tu chaahe to mushkil nahin kuchh sar se guzarna
تو چاہے تو مشکل نہیں کچھ سر سے گزرنا

Ae kal ke madadgar, madad jang mein karna
اے کل کے مددگار، مدد جنگ میں کرنا

Faaqon mein hazaron se wagha ho to maza hai
فاقوں میں ہزاروں سے وغا ہو تو مزا ہے

Kuchh haqq-e-namak hum se ada ho to maza hai
کچھ حق نمک ہم سے ادا ہو تو مزا ہے

"For men it is a disgrace to fear swords;
In comfort or in torment, here we live and here we die;
If You will it, it is no hard thing to give up our heads;
O Helper of tomorrow, help us in the battle;
It is a joy to fight thousands while starving;
It is a joy if we can repay something of what we owe for his salt."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

22

Karte the munajat idhar yawar-o-ansar
کرتے تھے مناجات ادھر یاور و انصار

Parhte the namaz-e-shab udhar, Sayyid-e-abrar
پڑھتے تھے نماز شب ادھر، سید ابرار

Thi niyyat-e-tasbeeh-e-Batool-e-jigar afgar
تھی نیت تسبیح بتول جگر افگار

Aawaz-e-buka kheme se aane lagi yak baar
آواز بکا خیمے سے آنے لگی یک بار

Akbar se ishara kiya mur kar, ke ye kya hai
اکبرؑ سے اشارہ کیا مڑ کر، کہ یہ کیا ہے

Ki arz phuphi jaan ke rone ki sada hai
کی عرض پھوپھی جان کے رونے کی صدا ہے

Here the helpers and companions were making their supplications;
There the Lord of the righteous was saying the night prayer;
He had made the intention for the tasbih of Batool, the broken-hearted,
When all at once the sound of weeping began to come from the tent;
Turning, he signed to Akbar: "What is this?"
He submitted, "It is the sound of my aunt weeping."

23

Yun to kai raaton se wo hain muztar-o-betaab
یوں تو کئی راتوں سے وہ ہیں مضطر و بیتاب

Raahat ki na surat hai na aaraam ka asbab
راحت کی نہ صورت ہے نہ آرام کا اسباب

Ghash mein jo zara band hue, dida-e-pur aab
غش میں جو ذرا بند ہوئے، دیدۂ پر آب

Roti hui chaunki hain, abhi dekh ke kuchh khwab
روتی ہوئی چونکی ہیں، ابھی دیکھ کے کچھ خواب

Nalain kahin, chaadar-e-pur noor kahin hai
نعلین کہیں، چادر پر نور کہیں ہے

Us waqt se bismil ki tarah chain nahin hai
اس وقت سے بسمل کی طرح چین نہیں ہے

"For many nights now she has been anguished and restless;
There is no sign of comfort for her, and no means of rest;
When her tear-filled eyes closed for a moment in a faint,
She woke with a start, weeping, having just seen some dream;
Her sandals are in one place, her radiant veil in another;
Since then she has had no peace, like a slaughtered bird."

Free to read, copy and share

24

Sab bibiyan hain ro rahin bachchon ko liye paas
سب بیبیاں ہیں رو رہیں بچوں کو لیے پاس

Ek ek ko andesha hai, ek ek ko waswas
ایک ایک کو اندیشہ ہے، ایک ایک کو وسواس

Jo poochhta hai wajh to kehti hain ba sad yaas
جو پوچھتا ہے وجہ تو کہتی ہیں بصد یاس

Logo mujhe Shabbir ke bachne ki nahin aas
لوگو مجھے شبیر کے بچنے کی نہیں آس

Maango ye dua ghaib se be kas ki madad ho
مانگو یہ دعا غیب سے بے کس کی مدد ہو

Sadqe karo mujh ko ke bala bhai ki radd ho
صدقے کرو مجھ کو کہ بلا بھائی کی رد ہو

"All the ladies are weeping, holding their children close;
Each one is anxious, each one is full of dread;
When anyone asks the reason, she says in deep despair,
'O people, I have no hope that Shabbir will survive;
Pray that help may come from the unseen to the helpless one;
Offer me as a ransom, so that the calamity may be turned away from my brother.'"

25

Un ka to ye ahwal hai, amman ka ye aalam
ان کا تو یہ احوال ہے، اماں کا یہ عالم

Ashkon ki jhari aankhon se thamti na thi ik dam
اشکوں کی جھڑی آنکھوں
سے تھمتی نہ تھی اِک دم

Asghar ki bhi hai fikr, Sakina ka bhi hai gham
اصغرؑ کی بھی ہے فکر، سکینہ کا بھی ہے غم

Shash mah ka bachcha bhi hua jaata hai be dam
شش ماہ کا بچہ بھی ہوا جاتا ہے بے دم

Godi mein uthaayen use ya us ko sambhalen
گودی میں اٹھائیں اُسے یا اس کو سنبھالیں

Do roz ke faaqe mein wo kis kis ko sambhalen
دو روز کے فاقے میں وہ کس کس کو سنبھالیں

"Such is her state, and this is my mother's condition:
The rain of tears from her eyes did not stop for a moment;
She is anxious for Asghar, and grieves for Sakina too;
The six-month-old child too is growing breathless;
Should she take him up in her lap, or comfort her?
Starving these two days, how many can she look after?"

Free to read, copy and share

26

Ro aati hain Abid ke sirhaane kabhi ja kar
Gahwara-e-Asghar pe kabhi girti hain aa kar
Quran ki hawa deti hain ghash mein use pa kar
Behlaati hain, beti ko kabhi ashk baha kar
Wo kehti hai ta subh yun hi rooon gi amman
Baba hi jab aaven ge to main sooon gi amman

رو آتی ہیں عابدؑ کے سرہانے کبھی جا کر
گہوارۂ اصغرؑ پہ کبھی گرتی ہیں آ کر
قرآں کی ہوا دیتی ہیں غش میں اسے پا کر
بہلاتی ہیں، بیٹی کو کبھی اشک بہا کر
وہ کہتی ہے تا صبح یوں ہی روؤں گی اماں
بابا ہی جب آویں گے تو میں سوؤں گی اماں

"Sometimes she goes and weeps at Abid's bedside;
Sometimes she comes and falls upon Asghar's cradle;
Finding him in a faint, she fans him with the Quran;
Sometimes, shedding tears, she soothes her daughter,
Who says, 'Mother, I will weep like this till morning;
I will sleep only when Father comes, Mother.'"

27

Batlaao shah-e-jinn-o-bashar kyun nahin aate
Ab raat bahut kam hai, pidar kyun nahin aate
Aazurda hain kuchh mujh se, idhar kyun nahin aate
Kya aaj wahin soyen ge, ghar kyun nahin aate
Ab pyaason ki faryad bhi baba nahin sunte
Hazrat mere rone ki sada kya nahin sunte

بتلاؤ شہ جن و بشر کیوں نہیں آتے
اب رات بہت کم ہے، پدر کیوں نہیں آتے
آزردہ ہیں کچھ مجھ سے، ادھر کیوں نہیں آتے
کیا آج وہیں سوئیں گے، گھر کیوں نہیں آتے
اب پیاسوں کی فریاد بھی بابا نہیں سنتے
حضرت مرے رونے کی صدا کیا نہیں سنتے

"'Tell me, why does the King of jinn and men not come?
Little of the night is left; why does Father not come?
Is he displeased with me? Why does he not come here?
Will he sleep there tonight? Why does he not come home?
Now Father does not even hear the cries of the thirsty;
Does the Hazrat not hear the sound of my weeping?'"

Free to read, copy and share

28

Ro kar Ali Akbar ne jo ki shah se ye taqreer
Parhte hue tasbeeh gaye, Hazrat-e-Shabbir
Dekhi jo na thi der se wo chaand si tasveer
Qadmon pe mohabbat se giri daur ke hamsheer
Betaab jo paaya bahut us tishna dahan ko
Shabbir ne lipta liya chhaati se behan ko

رو کر علیؑ اکبر نے جو کی شہ سے یہ تقریر
پڑھتے ہوئے تسبیح گئے، حضرت شبیرؑ
دیکھی جو نہ تھی دیر سے وہ چاند سی تصویر
قدموں پہ محبت سے گری دوڑ کے ہمشیر
بیتاب جو پایا بہت اس تشنہ دہن کو
شبیرؑ نے لپٹا لیا چھاتی سے بہن کو

When Ali Akbar, weeping, had said this to the King,
The honoured Shabbir went, reciting his tasbih;
Seeing that moon-like face she had not seen for some time,
His sister ran and fell lovingly at his feet;
Finding that thirsty-lipped one so deeply distraught,
Shabbir clasped his sister to his breast.

29

Farmaya behan tum ne banaya hai ye kya haal
Na sar pe isaba hai na chaadar hai na rumaal
Maatha hai bhara khaak se bikhre hue hain baal
Peeto nahin, jeeta hai abhi Fatima ka laal
Dam tan se mera kat ke nikal jaaye ga Zainab
Ro lijiyo jab rone ka waqt aaye ga Zainab

فرمایا بہن تم نے بنایا ہے یہ کیا حال
نہ سر پہ عصابہ ہے نہ چادر ہے نہ رومال
ماتھا ہے بھرا خاک سے بکھرے ہوئے ہیں بال
پیٹو نہیں، جیتا ہے ابھی فاطمہؑ کا لال
دم تن سے مرا کٹ کے نکل جائے گا زینبؑ
رو لیجیو جب رونے کا وقت آئے گا زینبؑ

He said, "Sister, what state have you brought yourself to?
There is no band on your head, no veil, no kerchief;
Your forehead is covered in dust, your hair is dishevelled;
Do not beat yourself; Fatima's darling is still alive;
My life will be cut from my body and depart, Zainab;
Weep then, when the time for weeping comes, Zainab."

Free to read, copy and share

30

Jeeta hoon main aur aah abhi se ye talatum
جیتا ہوں میں اور آہ ابھی سے یہ تلاطم

Ye karb ye dukh dard, ye zaari ye tazallum
یہ کرب یہ دکھ درد، یہ زاری یہ تظلم

Hote hain mere hosh-o-hawas aaye hue gum
ہوتے ہیں مرے ہوش و حواس آئے ہوئے گم

Khanjar ke tale dekho gi kis tarah mujhe tum
خنجر کے تلے دیکھو گی کس طرح مجھے تم

Bas sabr karo ji se guzar jaayen ge bachche
بس صبر کرو جی سے گذر جائیں گے بچے

Tarpo gi tum is tarah to mar jaayen ge bachche
تڑپو گی تم اس طرح تو مر جائیں گے بچے

"I am still alive, and already, alas, this turmoil!
This anguish, this pain and grief, this wailing, this crying out against wrong;
My senses, barely returned, are slipping away from me;
How will you watch me beneath the dagger?
Be patient now, or the children will lose their lives;
If you writhe like this, the children will die."

31

Talwar kisi ne abhi tauli nahin mujh par
تلوار کسی نے ابھی تولی نہیں مجھ پر

Seena abhi teeron se mushabbak nahin khwahar
سینہ ابھی تیروں سے مشبک نہیں خواہر

Gardan pe kisi ne abhi phera nahin khanjar
گردن پہ کسی نے ابھی پھیرا نہیں خنجر

Mar jaaye ga bhai tumhen sabit hua kyun kar
مر جائے گا بھائی تمہیں ثابت ہوا کیوں کر

Har chand ke saat nahin talti hai qaza ki
ہر چند کہ ساعت نہیں ٹلتی ہے قضا کی

Bach jaaoon to kya door hai qudrat se Khuda ki
بچ جاؤں تو کیا دور ہے قدرت سے خدا کی

"No one has yet raised a sword against me;
My breast is not yet pierced through by arrows, sister;
No one has yet drawn a dagger across my throat;
How has it been proven to you that your brother will die?
Although the hour of death is never put off,
If I am spared, is that beyond the power of God?"

Free to read, copy and share

32

Zainab ne kaha khush hoon jo meri ajal aaye
زینبؑ نے کہا خوش ہوں جو میری اجل آئے

Bhai tumhen Allah is aafat se bachaaye
بھائی تمہیں اللہ اس آفت سے بچائے

Khaliq mujhe Abid ki yateemi na dikhaaye
خالق مجھے عابدؑ کی یتیمی نہ دکھائے

Bhai ki bala le ke behan khalq se jaaye
بھائی کی بلا لے کے بہن خلق سے جائے

Waswas tabiyat ko behalne nahin deta
وسواس طبیعت کو بہلنے نہیں دیتا

Be chain hai dil mujh ko sambhalne nahin deta
بے چین ہے دل مجھ کو سنبھلنے نہیں دیتا

Zainab said, "I would be glad if my own death came;
Brother, may Allah save you from this calamity;
May the Creator never show me Abid orphaned;
May the sister take her brother's misfortune on herself and leave the world;
Dread does not let my heart be comforted;
My heart is restless and does not let me compose myself."

33

Aata hai Sakina ki yateemi ka, mujhe dhyan
آتا ہے سکینہؑ کی یتیمی کا، مجھے دھیان

Har waqt bhara ghar nazar aa jaata hai, weeran
ہر وقت بھرا گھر نظر آجاتا ہے، ویران

Samjhaane se kuchh dil jo behalta hai, main qurban
سمجھانے سے کچھ دل جو بہلتا ہے، میں قربان

Phir jaata hai aankhon ke tale maut ka saamaan
پھر جاتا ہے آنکھوں کے تلے موت کا سامان

Bazu mere kasne ko rasan laata hai koi
بازو مرے کسنے کو رسن لاتا ہے کوئی

Sar par se rida khenche liye jaata hai koi
سر پر سے ردا کھینچے لئے جاتا ہے کوئی

"The thought of Sakina orphaned keeps coming to me;
At every moment I see this full house laid waste;
When your counsel soothes my heart a little, may I be your sacrifice,
The trappings of death pass again before my eyes;
Someone brings a rope to bind my arms;
Someone drags the veil from my head."

Free to read, copy and share

34

Munh dhaanp ke bistar pe jo so jaati hoon dam bhar
منہ ڈھانپ کے بستر پہ جو سو جاتی ہوں دم بھر

To chaak gareban nazar aate hain payambar
تو چاک گریباں نظر آتے ہیں پیمبر

Amman kabhi chillaati hain yun khole hue sar
اماں کبھی چلاتی ہیں یوں کھولے ہوئے سر

Beti na bache ga tera mazloom biradar
بیٹی نہ بچے گا ترا مظلوم برادر

Kya leti hai bistar pe kidhar dhyan hai Zainab
کیا لیٹی ہے بستر پہ کدھر دھیان ہے زینبؑ

Shabbir isi raat ka mehmaan hai Zainab
شبیر اسی رات کا مہمان ہے زینبؑ

"When I cover my face and sleep a moment on my bed,
I see the Prophet with his collar torn;
Sometimes Mother cries out like this, her head uncovered:
'Daughter, your wronged brother will not survive;
Why do you lie on your bed? Where are your thoughts, Zainab?
Shabbir is a guest for this one night only, Zainab.'"

35

Ye zikr abhi tha ke Sakina ne pukaara
یہ ذکر ابھی تھا کہ سکینہؑ نے پکارا

Sona to gaya aap ke hamrah hamaara
سونا تو گیا آپ کے ہمراہ ہمارا

Main jaagti hoon aur jahan sota hai saara
میں جاگتی ہوں اور جہاں سوتا ہے سارا

Gardoon pe chamakne na lage subh ka taara
گردوں پہ چمکنے نہ لگے صبح کا تارا

Neend aayi hai beti ko sula jaaiye baba
نیند آئی ہے بیٹی کو سلا جایئے بابا

Bas ho chukin baaten ab idhar aaiye baba
بس ہو چکیں باتیں اب ادھر آیئے بابا

They were still speaking of this when Sakina called out,
"My sleep went away with you;
I am awake while the whole world sleeps;
Let not the morning star begin to shine in the sky;
Your daughter is sleepy; come and put her to sleep, Father;
Enough talk now; come over here, Father."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

36

Hazrat ne kaha main teri aawaz ke qurban
حضرت نے کہا میں تِری آواز کے قرباں

Allah tum ab tak nahin soyi ho meri jaan
اللہ تم اب تک نہیں سوئی ہو مری جاں

Ghurbat mein kahan raahat-o-aaraam ka saamaan
غربت میں کہاں راحت و آرام کا ساماں

Bin baap ke tum ko to nahin chain kisi aan
بن باپ کے تم کو تو نہیں چین کسی آں

Achchhi nahin aadat ye na roya karo bibi
اچھی نہیں عادت یہ نہ رویا کرو بی بی

Pehlu mein kabhi maan ke bhi soya karo bibi
پہلو میں کبھی ماں کے بھی سویا کرو بی بی

The Hazrat said, "May I be a sacrifice for your voice;
Allah, you have not slept yet, my darling?
Where in exile is there any means of comfort and rest?
Without your father you have no peace for a moment;
This is not a good habit; do not keep crying, my lady;
Sometimes sleep at your mother's side as well, my lady."

37

Kya hove jo hum ghar mein kisi shab ko na aayen
کیا ہووئے جو ہم گھر میں کسی شب کو نہ آئیں

Majboor hon aise ke tumhen chhor ke jaayen
مجبور ہوں ایسے کہ تمہیں چھوڑ کے جائیں

Tum paao na hum ko, na tumhen hum kahin paayen
تم پاؤ نہ ہم کو، نہ تمہیں ہم کہیں پائیں

Bibi kaho phir chhaati pe kis tarah sulaayen
بی بی کہو پھر چھاتی پہ کس طرح سلائیں

Jangal mein bahut qaafile lut jaate hain, bibi
جنگل میں بہت قافلے لٹ جاتے ہیں، بی بی

Barson jo rahe saath wo chhut jaate hain, bibi
برسوں جو رہے ساتھ وہ چھٹ جاتے ہیں، بی بی

"What if one night we did not come home,
If we were forced to leave you and go away,
If you could not find us, nor we find you anywhere?
Tell me, my lady, how could we then put you to sleep on our breast?
In the wilderness many caravans are plundered, my lady;
Those who were together for years are parted, my lady."

Free to read, copy and share

38

Jab umr thi kam, hum bhi chhute the yunhi maan se
Sote the lipat kar yun hi, khatoon-e-jinan se
Kooch un ka hua saamne aankhon ke jahan se
Maatam se milin wo, na buka se, na fughan se
Ye daagh ye andoh-o-alam sab ke liye hain
Maan baap zamaane mein sada kis ke jiye hain

جب عمر تھی کم، ہم بھی چھٹے تھے یونہی ماں سے
سوتے تھے لپٹ کریوں ہی، خاتون جناں سے
کوچ ان کا ہوا سامنے آنکھوں کے جہاں سے
ماتم سے ملیں وہ، نہ بکا سے، نہ فغاں سے
یہ داغ یہ اندوہ و الم سب کے لئے ہیں
ماں باپ زمانے میں سدا کس کے جیے ہیں

"When I was young, I too was parted from my mother like this;
I used to sleep just like this, holding close to the Lady of Paradise;
Before my eyes she departed from the world;
Mourning did not bring her back, nor weeping, nor lament;
These scars, this grief and sorrow, are for everyone;
Whose parents in this world have lived for ever?"

39

Rasta wo ajal ka hai ke hota hi nahin band
Kooch aaj pidar ka hai to kal jaaye ga farzand
Hota hai qalaq furqat-e-aulad mein wo chand
Kya zor hai bande ka, jo marzi-e-Khudawand
Jo aaye hain duniya mein wo sab kooch karen ge
Is zeest ka anjaam yahi hai ke maren ge

رستہ وہ اجل کا ہے کہ ہوتا ہی نہیں بند
کوچ آج پدر کا ہے تو کل جائے گا فرزند
ہوتا ہے قلق فرقت اولاد میں وہ چند
کیا زور ہے بندے کا، جو مرضئ خداوند
جو آئے ہیں دنیا میں وہ سب کوچ کریں گے
اس زیست کا انجام یہی ہے کہ مریں گے

"Death's is a road that is never closed;
Today the father departs, and tomorrow the son will go;
The pain of parting from one's children is many times greater;
But what power has a servant, if it is the will of the Lord?
All who have come into the world will depart;
The end of this life is just this: we shall die."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

40

Ye kehte the Hazrat ki sada aayi azaan ki
Guldasta-e-Islam pe, bulbul ne fughan ki
Ik dam mein bahar aur hui baagh-e-jahan ki
Talwar chali gulshan-e-anjum pe khizan ki
Mahtab hua gum falak-e-neelofari se
Phoola gul-e-khursheed, naseem-e-sahari se

یہ کہتے تھے حضرت کی صدا آئی اذاں کی
گلدستۂ اسلام پہ، بلبل نے فغاں کی
اک دم میں بہار اور ہوئی باغ جہاں کی
تلوار چلی گلشن انجم پہ خزاں کی
مہتاب ہوا گم فلک نیلوفری سے
پھولا گل خورشید، نسیم سحری سے

The Hazrat was saying this when the call to prayer was heard;
On the bouquet of Islam the nightingale raised its cry;
In an instant the spring of the world's garden was changed;
The sword of autumn swept over the garden of the stars;
The moon vanished from the lotus-blue sky;
The rose of the sun blossomed in the breeze of dawn.

41

Garmi ki sahar aur wo phoolon ka mehakna
Murghan-e-chaman ka wo darakhton pe chehakna
Anjum ka wo chhupna kabhi aur gah chamakna
Wo sard hawa aur wo sabze ka lehakna
Us dasht mein roti thi jo shabnam shah-e-deen par
Tha motiyon ka farsh zumurrad ki zameen par

گرمی کی سحر اور وہ پھولوں کا مہکنا
مرغان چمن کا وہ درختوں پہ چہکنا
انجم کا وہ چھپنا کبھی اور گاہ چمکنا
وہ سرد ہوا اور وہ سبزے کا لہکنا
اس دشت میں روتی تھی جو شبنم شہ دیں پر
تھا موتیوں کا فرش زمرد کی زمیں پر

A summer dawn, and the fragrance of the flowers;
The birds of the garden singing in the trees;
The stars now hiding and now shining;
The cool breeze, and the swaying of the green grass;
In that wilderness, as the dew wept for the King of the faith,
There was a carpet of pearls upon the emerald ground.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

42

Jalwa wo dam-e-subh ka, wo noor ka aalam
جلوہ وہ دم صبح کا، وہ نور کا عالم

Dilchasp sada naubat-o-shehna ki, wo baham
دلچسپ صدا نوبت و شہنا کی، وہ باہم

Surkhi wo shafaq ki, ufuq-e-charkh pe kam kam
سرخی وہ شفق کی، افق چرخ پہ کم کم

Wo gul ke katoron pe durr afshani-e-shabnam
وہ گل کے کٹوروں پہ در افشانیٔ شبنم

Khushki mein bhi sardi se tarai ka samaan tha
خشکی میں بھی سردی سے ترائی کا سماں تھا

Par malik-e-gulzar-e-jinan, tishna dahan tha
پر مالک گلزار جناں، تشنہ دہاں تھا

The splendour of the break of dawn, that radiance;
The delightful sound of drum and pipe together;
The red of the dawn glow, faint along the horizon of the sky;
The dew scattering pearls into the cups of the flowers;
From the coolness, even the dry land looked like a watered valley;
But the master of the garden of Paradise was thirsty.

43

Lashkar mein udhar morche bandi ki hui dhoom
لشکر میں ادھر مورچے بندی کی ہوئی دھوم

Yaan farz ada karne lage aashiq-e-Qayyoom
یاں فرض ادا کرنے لگے عاشق قیوم

Peechhe to jamaat thi aur aage shah-e-mazloom
پیچھے تو جماعت تھی اور آگے شہ مظلوم

Saf basta malaik hain, yahi hota tha maloom
صف بستہ ملائک ہیں، یہی ہوتا تھا معلوم

Sab sajid-o-raki the shahanshah ke hamrah
سب ساجد و راکع تھے شہنشاہ کے ہمراہ

Taban the bahattar mah-e-nau mah ke hamrah
تاباں تھے بہتر مہ نو ماہ کے ہمراہ

Over there, in the army, there was a great stir of taking up positions;
Here the lovers of the Self-Subsisting began the obligatory prayer;
Behind was the congregation, and in front the wronged King;
It seemed as if angels stood ranked in rows;
All bowed and prostrated with the King of kings;
Seventy-two new moons shone beside the moon.

Free to read, copy and share

44

Khema tha falak, aap qamar, dost sitaare
خیمہ تھا فلک، آپ قمر، دوست ستارے

Taare bhi wo taaron ko falak jin pe utaare
تارے بھی وہ تاروں کو فلک جن پہ اتارے

Kham ho gaya tha, peer-e-falak sharm ke maare
خم ہو گیا تھا، پیر فلک شرم کے مارے

Kehti thi zameen, auj hai tale ko hamaare
کہتی تھی زمیں، اوج ہے طالع کو ہمارے

Khursheed nahin raushni-e-nayyar-e-deen hai
خورشید نہیں روشنیٔ نیر دیں ہے

Khud arsh ko dhoka tha, ye main hoon ke zameen hai
خود عرش کو دھوکا تھا، یہ میں ہوں کہ زمیں ہے

The tent was the sky, he the moon, his friends the stars;
Such stars that the sky would offer up its own stars as a ransom for them;
The old man of the sky had bent double with shame;
The earth said, "Our fortune is at its height;
This is not the sun but the light of the sun of the faith."
The Throne itself was deceived, wondering, 'Is this I, or the earth?'

45

Jo saf hai wo ik satr hai Quran-e-mubeen ki
جو صف ہے وہ اک سطر ہے قران مبیں کی

Deewar hai qibla ki taraf, Kaaba-e-deen ki
دیوار ہے قبلہ کی طرف، کعبۂ دیں کی

Kya khoob jamaat hai ye arbab-e-yaqeen ki
کیا خوب جماعت ہے یہ ارباب یقیں کی

Aflak ki zeenat hai to raunaq hai zameen ki
افلاک کی زینت ہے تو رونق ہے زمیں کی

Kis tarah shahanshah se wo fauj juda ho
کس طرح شہنشاہ سے وہ فوج جدا ہو

Mushkil hai ke darya se kahin mauj juda ho
مشکل ہے کہ دریا سے کہیں موج جدا ہو

Each row is a line of the clear Quran;
Facing the qibla, a wall of the Kaaba of the faith;
What a fine congregation of the people of certainty this is!
It is the adornment of the heavens and the glory of the earth;
How could that army be parted from the King of kings?
It is hard for a wave ever to be parted from the river.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

46

Us dam thi ye aawaz pas-e-parda-e-qudrat
اس دم تھی یہ آواز پس پردۂ قدرت

Ae qudsiyo dekho mere bandon ki ibadat
اے قدسیو دیکھو مرے بندوں کی عبادت

Na pyaas ka shikwa hai, na faaqon ki shikayat
نہ پیاس کا شکوہ ہے، نہ فاقوں کی شکایت

Ye zuhd, ye taqwa, ye itaat, ye riyazat
یہ زہد، یہ تقویٰ، یہ اطاعت، یہ ریاضت

Kaunain mein ye sahib-e-iqbal-o-sharaf hain
کونین میں یہ صاحب اقبال و شرف ہیں

Alim hoon ke in logon ke dil meri taraf hain
عالم ہوں کہ ان لوگوں کے دل میری طرف ہیں

At that moment this voice came from behind the veil of Divine power:
"O holy ones, behold the worship of My servants;
No complaint of thirst, no grievance about hunger;
Such abstinence, such piety, such obedience, such devotion!
In both worlds they are possessors of good fortune and honour;
I know that the hearts of these people are turned towards Me."

47

Kis ijz se aage mere hazir hain ye bande
کس عجز سے آگے مرے حاضر ہیں یہ بندے

Dekho mere mahboob ke nasir hain, ye bande
دیکھو مرے محبوب کے ناصر ہیں، یہ بندے

Mazloom hain be kas hain musafir hain ye bande
مظلوم ہیں بے کس ہیں مسافر ہیں یہ بندے

Thore na hon kis tarah ke shakir hain ye bande
تھوڑے نہ ہوں کس طرح کے شاکر ہیں یہ بندے

Sadiq hain wali se mere in sab ko wila hai
صادق ہیں ولی سے مرے ان سب کو ولا ہے

In ka wo sila hai jo rasoolon ka mila hai
ان کا وہ صلہ ہے جو رسولوں کا ملا ہے

"With what humility these servants stand before Me;
Behold, these servants are the helpers of My Beloved;
These servants are wronged, helpless, far from home;
How should they not be few? Such thankful servants are these;
They are true; all of them bear love for My friend;
Their reward is the one that was given to the messengers."

Free to read, copy and share

48

Pursish na lahad mein na hisab un ke liye hai
پرسش نہ لحد میں نہ حساب اُن کے لئے ہے

Ye laiq-e-rahmat hain, sawab un ke liye hai
یہ لائق رحمت ہیں، ثواب اُن کے لئے ہے

Moti se jo hai saaf, wo aab un ke liye hai
موتی سے جو ہے صاف، وہ
آب اُن کے لئے ہے

Main jis ka hoon saqi, wo sharab un ke liye hai
میں جس کا ہوں ساقی، وہ
شراب اُن کے لئے ہے

Is nakhl-e-riyazat ke samar un ko milen ge
اس نخل ریاضت کے ثمر اُن کو ملیں گے

Jo arsh ke neeche hain wo ghar un ke milen ge
جو عرش کے نیچے ہیں وہ گھر اُن کے ملیں گے

"For them there is no questioning in the grave and no reckoning;
They are worthy of mercy; the reward is for them;
The water that is clearer than pearls is for them;
The wine of which I am the cupbearer is for them;
They will receive the fruits of this tree of devotion;
The homes that are beneath the Throne will be theirs."

49

Farigh jo salat-e-sahari se hue deen dar
فارغ جو صلوۃ سحری سے ہوئے دیں دار

Poshak pehanne ko uthe Sayyid-e-abrar
پوشاک پہننے کو اٹھے سید ابرار

Farmaane lage Hazrat-e-Abbas alamdar
فرمانے لگے حضرت عباسؑ علمدار

Haan ghaziyo ab tum bhi sajo jang ke hathiyar
ہاں غازیو اب تم بھی سجو جنگ کے ہتھیار

Qurban tumhen hona hai Muhammad ke pisar par
قرباں تمہیں ہونا ہے محمدؐ کے پسر پر

Kamron ko kaso, gulshan-e-jannat ke safar par
کمروں کو کسو، گلشن جنت کے سفر پر

When the faithful had finished the dawn prayer,
The Lord of the righteous rose to put on his garments;
The honoured Abbas, the standard-bearer, said,
"Come, warriors, now you too put on your arms for battle;
You are to give your lives for the son of Muhammad;
Gird your waists for the journey to the garden of Paradise."

Free to read, copy and share

50

Aamada-e-shar lashkar-e-kuffar hai kal se	آمادۂ شر لشکر کفار ہے کل سے
Hona hai tumhen aaj, ham aaghosh ajal se	ہونا ہے تمہیں آج، ہم آغوش اجل سے
Dar pesh hai jang-o-jadal us fauj ke dal se	درپیش ہے جنگ و جدل اس فوج کے دَل سے
Aqa bhi koi dam mein nikalte hain mahal se	آقا بھی کوئی دم میں نکلتے ہیں محل سے
Haan saf shikano waqt hai nusrat ki dua ka	ہاں صف شکنو وقت ہے نصرت کی دعا کا
Khulta hai pharera alam-e-fauj-e-Khuda ka	کھلتا ہے پھریرا علم فوج خدا کا

"The army of the unbelievers has been bent on evil since yesterday;
Today you are to be embraced by death;
Battle and strife lie ahead with the host of that army;
Our master too will come out of his quarters in a moment;
Come, you breakers of ranks, it is time to pray for victory;
The pennant of the standard of God's army is being unfurled."

51

Hum log isi roz ke mushtaq hain, kab se	ہم لوگ اسی روز کے مشتاق ہیں، کب سے
Ab hogi mulaqat shahanshah-e-Arab se	اب ہوگی ملاقات شہنشاہ عرب سے
Sayyidaniyan tum sab ko dua deti hain shab se	سیدانیاں تم سب کو دعا دیتی ہیں شب سے
Saf baandh ke aao, dar-e-daulat pe adab se	صف باندھ کے آؤ، درِ دولت پہ ادب سے
Firdaus mein naana se huzoor aaj milen ge	فردوس میں نانا سے حضور آج ملیں گے
Kausar pe tumhen khilat-e-noor aaj milen ge	کوثر پہ تمہیں خلعت نور آج ملیں گے

"We have longed for this very day for so long;
Now we shall meet the King of kings of Arabia;
The Sayyid ladies have been blessing you all since nightfall;
Form your ranks and come respectfully to the door of his noble house;
Today our lord will meet his grandfather in Paradise;
Today at Kausar you will receive robes of light."

Free to read, copy and share

52

Is muzhda ko sunte hi musallah hue ghazi
اس مژدہ کو سنتے ہی مسلح ہوئے غازی

Istabl se aane lage jarraron ke tazi
اصطبل سے آنے لگے جراروں کے تازی

Sher-e-saf-e-jangah tha, ek ek namazi
شیر صف جنگاہ تھا، ایک ایک نمازی

Nare the ke qurban-e-shahanshah-e-Hijazi
نعرے تھے کہ قربان شہنشاہ حجازی

Deorhi pe shagufta tha chaman khuld-e-bareen ka
ڈیوڑھی پہ شگفتہ تھا چمن خلد بریں کا

Khema mein talatum tha wida-e-shah-e-deen ka
خیمہ میں تلاطم تھا وداع شہ دیں کا

On hearing this good news the warriors armed themselves;
The Arab steeds of the mighty warriors began to come from the stables;
Every one of those at prayer was a lion of the battle line;
They cried, "May we be a sacrifice for the King of kings of Hijaz!"
At the doorway bloomed a garden of highest Paradise;
In the tent there was turmoil at the farewell of the King of the faith.

53

The gird haram beech mein wo aashiq-e-haq tha
تھے گرد حرم بیچ میں وہ عاشق حق تھا

Manind-e-sahar rang har ik bibi ka faq tha
مانند سحر رنگ ہر اک بی بی کا فق تھا

Bano-e-do aalam ka jigar seene mein shaq tha
بانوے دو عالم کا جگر سینے میں شق تھا

Zainab ye tarapti thi ke Hazrat ko qalaq tha
زینب یہ تڑپتی تھی کہ حضرت کو قلق تھا

Shabbir ke pehlu se na hatti thi Sakina
شبیرؑ کے پہلو سے نہ ہٹتی تھی سکینہؑ

Barhte the to daaman se lipatti thi Sakina
بڑھتے تھے تو دامن سے لپٹتی تھی سکینہؑ

The women were all around, and in their midst that lover of God;
Like the dawn, the face of every lady had turned pale;
The heart of the Lady of both worlds was split in her breast;
Zainab writhed so that the Hazrat was distressed;
Sakina would not move from Shabbir's side;
Whenever he stepped forward, Sakina clung to the hem of his robe.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

54

Shah kehte the bibi hamen ab jaane do ghar se
شہ کہتے تھے بی بی ہمیں اب جانے دو گھر سے

Seena mera shaq hota hai, lipto na pidar se
سینہ مرا شق ہوتا ہے، لپٹو نہ پدر سے

Wo kehti thi saaya jo ye uth jaaye ga sar se
وہ کہتی تھی سایہ جو یہ اٹھ جائے گا سر سے

Hae hae main tumhen dhoondh ke laaoon gi kidhar se
ہے ہے میں تمہیں ڈھونڈ کے لاؤں گی کدھر سے

Beti ka siwa aap ke koi nahin baba
بیٹی کا سوا آپ کے کوئی نہیں بابا

Shab bhar main isi khauf se soyi nahin baba
شب بھر میں اسی خوف سے سوئی نہیں بابا

The King said, "My lady, let me go from the house now;
My heart is breaking; do not cling to your father."
She said, "If this shade is lifted from over my head,
Alas, alas, where shall I search for you, and from where bring you back?
Your daughter has no one but you, Father;
All night I did not sleep for this very fear, Father."

55

Samjhaate the Hazrat ke main sadqe meri pyaari
سمجھاتے تھے حضرت کہ میں صدقے مری پیاری

Maidan se abhi aayen ge hum to kai baari
میداں سے ابھی آئیں گے ہم تو کئی باری

Wo kehti thi main aap ki mazloomi ki waari
وہ کہتی تھی میں آپ کی مظلومی کی واری

Saamaan nazar aata hai yateemi ka hamaari
ساماں نظر آتا ہے یتیمی کا ہماری

Dar pesh larai nahin gar fauj-e-shaqi se
درپیش لڑائی نہیں گر فوج شقی سے

Kyun aap sifarish meri karte the phuphi se
کیوں آپ سفارش مری کرتے تھے پھوپھی سے

The Hazrat reassured her, "May I be your sacrifice, my darling;
I will come back from the battlefield many times yet."
She said, "May I be a sacrifice for all you suffer;
I see the makings of my orphanhood;
If there is no battle ahead with the army of the wretched,
Why were you commending me to my aunt?"

Free to read, copy and share

56

Ab aap ke jaane se to sabit hai na aana
اب آپ کے جانے سے تو ثابت ہے نہ آنا

Kyun kehte the Zainab use chhaati se sulaana
کیوں کہتے تھے زینب اسے چھاتی سے سلانا

Bano mere peechhe, na Sakina ko rulaana
بانو مرے پیچھے، نہ سکینہ کو رلانا

Paani jo muyassar ho to pyaas us ki bujhaana
پانی جو میسر ہو تو پیاس اس کی بجھانا

Behlaaiyo jab ro ke mujhe yaad kare gi
بہلائیو جب رو کے مجھے یاد کرے گی

Tarpoon ga lahad mein jo ye faryad kare gi
تڑپوں گا لحد میں جو یہ فریاد کرے گی

"Now your going shows that you will not come back;
Why were you saying, 'Zainab, let her sleep on your breast;
Bano, when I am gone, do not make Sakina cry;
If water can be had, quench her thirst;
Comfort her when she weeps and remembers me;
I shall writhe in my grave if she cries out'?"

57

Main sunti thi Abid se jo kuchh ki thi wasiyat
میں سنتی تھی عابدؑ سے جو کچھ کی تھی وصیت

Is ghar ki tabahi ki khabar dete the Hazrat
اس گھر کی تباہی کی خبر دیتے تھے حضرت

Hae hae ye meri umr ye sadma ye musibat
ہے ہے یہ مری عمر یہ صدمہ یہ مصیبت

Le lo mujhe hamrah, gawara nahin furqat
لے لو مجھے ہمراہ، گوارہ نہیں فرقت

Saath aap ke jaaoon gi jo is daar-e-mihan se
ساتھ آپ کے جاؤں گی جو اس دار محن سے

Koi meri gardan to na baandhe ga rasan se
کوئی مری گردن تو نہ باندھے گا رسن سے

"I heard the last instructions you gave to Abid;
You, my lord, were foretelling the ruin of this house;
Alas, alas, at my age, this shock, this calamity!
Take me with you; I cannot bear to be parted from you;
If I go with you from this house of sorrows,
At least no one will tie my neck with a rope."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

58

Nadan ki in baaton pe ghar rota tha saara
نادان کی ان باتوں پہ گھر روتا تھا سارا

Maatam mein kisi dil ko na tha, sabr ka yaara
ماتم میں کسی دل کو نہ تھا، صبر کا یارا

Hazrat ko bhi furqat thi na beti ki gawara
حضرت کو بھی فرقت تھی نہ بیٹی کی گوارا

Deorhi tak use god se apni na utaara
ڈیوڑھی تک اسے گود سے اپنی نہ اتارا

Jis dam wo chhuti, jeete hi ji mar gaye Shabbir
جس دم وہ چھٹی، جیتے ہی جی مر گئے شبیرؑ

Kis dard se rote hue baahar gaye Shabbir
کس درد سے روتے ہوئے باہر گئے شبیرؑ

At the innocent child's words the whole household wept;
In their mourning no heart had the strength for patience;
Nor could the Hazrat bear to be parted from his daughter;
He did not put her down from his arms until he reached the doorway;
The moment she was parted from him, Shabbir died while still alive;
With what pain Shabbir went out, weeping!

59

Jis dam dar-e-daulat pe amir-e-umam aaya
جس دم در دولت پہ امیر امم آیا

Peete ye haram ghar mein ke honton pe dam aaya
پیٹے یہ حرم گھر میں کہ ہونٹوں پہ دم آیا

Taslim ko Islam ka, lashkar baham aaya
تسلیم کو اسلام کا، لشکر بہم آیا

Kis saulat-o-iqbal-o-hasham se alam aaya
کس صولت و اقبال و حشم سے علم آیا

Jaati thi lachakne mein ziya arsh tak us ki
جاتی تھی لچکنے میں ضیا عرش تک اس کی

Khursheed ko panja mein liye thi chamak us ki
خورشید کو پنجہ میں لئے تھی چمک اس کی

When the Lord of the nations came to the door of his house,
The women in the house beat themselves until their breath came to their lips;
The army of Islam gathered to salute him;
With what majesty, fortune and splendour the standard came!
As it swayed, its radiance reached the Throne;
Its gleam held the sun in its grasp.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

60

Aapas mein ye kehte the rafiqan-e-dilawar
آپس میں یہ کہتے تھے رفیقان دلاور

Dekhen ye huma saaya fagan hota hai kis par
دیکھیں یہ ہُما سایہ فگن ہوتا ہے کس پر

Akbar ke to hai naam pe salari-e-lashkar
اکبرؑ کے تو ہے نام پہ سالاریٔ لشکر

Abbas ko den ge shah-e-deen mansab-e-Jafar
عباسؑ کو دیں گے شہ دیں منصب جعفرؑ

Ik ishq hai is sher se sultan-e-umam ko
اِک عشق ہے اس شیر سے سلطان امم کو

Bhai ko kabhi dekhte hain, gah alam ko
بھائی کو کبھی دیکھتے ہیں، گاہ علَم کو

The brave companions were saying among themselves,
"Let us see on whom this huma casts its shadow;
Command of the army is in Akbar's name;
The King of the faith will give Abbas the office of Jafar;
The Sultan of the nations has a deep love for this lion;
Now he looks at his brother, now at the standard."

61

Zainab ke pisar mashwara ye karte the baham
زینبؑ کے پسر مشورہ یہ کرتے تھے باہم

Kyun bhai alam lene ko mamoon se kahen hum
کیوں بھائی علَم لینے کو ماموں سے کہیں ہم

Taeed-e-Khuda chaahiye go umr mein hain kam
تائید خدا چاہیئے گو عمر میں ہیں کم

Ohda to hamaara hai ye agah hai aalam
عہدہ تو ہمارا ہے یہ آگاہ ہے عالم

Waqif hain sabhi Haidar-o-Jafar ke sharaf se
واقف ہیں سبھی حیدرؑ و جعفرؑ کے شرف سے

Haq poochho to haqdar hain hum donon taraf se
حق پوچھو تو حقدار ہیں ہم دونوں طرف سے

Zainab's sons were taking counsel together:
"Brother, shall we ask our uncle for the standard?
God's help is what we need, though we are young in years;
The world knows that this office is ours;
Everyone knows the honour of Haidar and Jafar;
In truth, we have the right to it from both sides."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

62

Daada bhi alamdar hai, naana bhi alamdar
دادا بھی علمدار ہے، نانا بھی علم دار

Hum apne buzurgon ke hain, mansab ke talabgar
ہم اپنے بزرگوں کے ہیں، منصب کے طلب گار

Kehta tha bara arz ka mauqa nahin zinhar
کہتا تھا بڑا عرض کا موقع نہیں زنہار

Hain badshah-e-kaun-o-makan malik-o-mukhtar
ہیں بادشہ کون و مکاں مالک و مختار

Ohda to bara ye hai ke mamoon pe fida hon
عہدہ تو بڑا یہ ہے کہ ماموں پہ فدا ہوں

Chupke raho, amman na kahin sun ke khafa hon
چپکے رہو، اماں نہ کہیں سن کے خفا ہوں

"Our father's father was a standard-bearer, and so was our mother's father;
We seek the office of our forefathers."
The elder said, "This is no time at all to make a request;
The King of all creation is master and sovereign;
The great office is to give our lives for our uncle;
Keep quiet, lest Mother hear and be displeased."

63

Matlab na alam se na hasham se hamen kuchh kaam
مطلب نہ علم سے نہ حشم سے ہمیں کچھ کام

Mit jaayen nishan, bas yahi ohda hai yahi naam
مٹ جائیں نشاں، بس یہی عہدہ ہے یہی نام

Ye sar hon nisar-e-qadam-e-shah-e-khush anjaam
یہ سر ہوں نثار قدم شاہ خوش انجام

Izzat rahe bhai, ye dua hai sahar-o-shaam
عزت رہے بھائی، یہ دعا ہے سحر و شام

Aqa jise chaahen alam-e-fauj-e-Khuda den
آقا جسے چاہیں علم فوج خدا دیں

Mushtaq-e-ajal hain hamen marne ki raza den
مشتاق اجل ہیں ہمیں مرنے کی رضا دیں

"We want nothing of the standard, nothing to do with pomp;
Let every trace of us be wiped out: that alone is our office and our name;
Let these heads be sacrificed at the feet of the King whose end is blessed;
That honour may remain, brother, is my prayer morning and evening;
Let our master give the standard of God's army to whom he wishes;
We long for death; let him give us leave to die."

Free to read, copy and share

64

Roti thi jo parde ke qareen Zainab-e-dilgeer
روتی تھی جو پردے کے قریں زینبؑ دلگیر

Sab us ne mufassal ye suni beton ki taqreer
سب اس نے مفصل یہ سنی بیٹوں کی تقریر

Fizza se ye kehne lagi, wo sahib-e-tauqeer
فضہؑ سے یہ کہنے لگی، وہ صاحب توقیر

Donon ko ishaare se bula le kisi tadbeer
دونوں کو اشارے سے بلا لے کسی تدبیر

Kuchh kehna hai sun len use fursat unhen gar ho
کچھ کہنا ہے سن لیں اسے فرصت انہیں گر ہو

Abbas na dekhen na shah-e-deen ko khabar ho
عباسؑ نہ دیکھیں نہ شہ دیں کو خبر ہو

Grieving Zainab, who was weeping near the curtain,
Heard every word of this talk of her sons;
That honoured lady said to Fizza,
"Find some way to signal to them both and call them here;
I have something to say; let them hear it, if they have time;
Let Abbas not see, nor the King of the faith learn of it."

65

Ye kehti thi Zainab ke khud aaye wo naku kar
یہ کہتی تھی زینبؑ کہ خود آئے وہ نکوکار

Chhote se ye farmaane lagin Zainab-e-nachar
چھوٹے سے یہ فرمانے لگیں زینبؑ ناچار

Kya baaten abhi bhai se thin, ae mere dildar
کیا باتیں ابھی بھائی سے تھیں، اے مرے دلدار

Is waqt mein ho kaun se mansab ke talabgar
اس وقت میں ہو کون سے
منصب کے طلب گار

Samjhe na ke madar aqab-e-parda khari hai
سمجھے نہ کہ مادر عقب پردہ کھڑی ہے

Ghar lutta hai mera, tumhen mansab ki pari hai
گھر لٹتا ہے میرا، تمہیں منصب کی پڑی ہے

Zainab was saying this when those good boys came of their own accord;
Helpless Zainab said to the younger one,
"What were you saying to your brother just now, my darling?
At such a time, what office are you seeking?
You did not realise that your mother stands behind the curtain;
My house is being plundered, and you are set on office!"

Free to read, copy and share

66

Allah bara azm kiya, baandh ke talwar
اللہ بڑا عزم کیا، باندھ کے تلوار

Bachcho! tumhen aisa na samajhti thi main zinhar
بچو! تمہیں ایسا نہ سمجھتی تھی میں زنہار

Dekho abhi tum donon se ho jaaoon gi be zaar
دیکھو ابھی تم دونوں سے ہو جاؤں گی بے زار

Kuchh kahiyo na mamoon se khabardar! khabardar
کچھ کہیو نہ ماموں سے خبردار! خبردار

Kya dakhl tumhen amr mein sultan-e-umam ke
کیا دخل تمہیں امر میں سلطان امم کے

Dekhoon gi na phir munh, jo gaye paas alam ke
دیکھوں گی نہ پھر منہ، جو گئے پاس علم کے

"Allah! What a great resolve you have made, girding on the sword!
Children! I never thought you were like this;
Mind, I shall be disgusted with you both this very moment;
Say nothing to your uncle; take care! Take care!
What right have you to meddle in the affairs of the Sultan of the nations?
I will never look at your faces again if you go near the standard."

67

Kuchh aur hi tevar hain alam nikla hai jab se
کچھ اور ہی تیور ہیں علم نکلا ہے جب سے

Tum kaun ho jo aage barhe jaate ho sab se
تم کون ہو جو آگے بڑھے جاتے ہو سب سے

Istada ho, ja kar aqab-e-shah, adab se
استادہ ہو، جا کر عقب شاہ، ادب سے

Ohda hai ye jis ka mujhe maloom hai shab se
عہدہ ہے یہ جس کا مجھے معلوم ہے شب سے

Is amr mein khatir na karen, aur kisi ki
اس امر میں خاطر نہ کریں، اور کسی کی

Main khush hoon baja laayen wasiyat ko Ali ki
میں خوش ہوں بجا لائیں وصیت کو علیؑ کی

"Your looks have changed since the standard came out;
Who are you, to push ahead of everyone?
Go and stand respectfully behind the King;
Since last night I have known whose office this is;
In this matter let him show no favour to anyone else;
I will be glad if he carries out Ali's last will."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

68

Do roz se bhai pe mere zulm-o-sitam hai
دو روز سے بھائی پہ مرے ظلم و ستم ہے

Tum fikr-e-alam mein ho mujhe sakht alam hai
تم فکر علم میں ہو مجھے سخت الم ہے

Chhote se hain qad, sin bhi tumhaara abhi kam hai
چھوٹے سے ہیں قد، سِن بھی تمہارا ابھی کم ہے

Khel is ko na samjho ye Muhammad ka alam hai
کھیل اس کو نہ سمجھو یہ محمدؐ کا علم ہے

Hargiz na abhi kuchh shah-e-zi jah se kehna
ہرگز نہ ابھی کچھ شہِ ذی جاہ سے کہنا

Kehna bhi to rukhsat ke liye shah se kehna
کہنا بھی تو رخصت کے لئے شاہ سے کہنا

"For two days my brother has suffered oppression and cruelty;
You are thinking of the standard, and I am in bitter grief;
You are small in stature, and still young in years;
Do not think it a game; this is the standard of Muhammad;
On no account say anything now to the exalted King;
If you speak to the King at all, ask him for leave to fight."

69

Maana ke pahunchta hai tumhen mansab-e-Jafar
مانا کہ پہونچتا ہے تمہیں منصب جعفرؑ

Aqa ki ghulami se hai ohda koi barh kar
آقا کی غلامی سے ہے عہدہ کوئی بڑھ کر

Chhota mera bhai bhi hai, beton ke barabar
چھوٹا مرا بھائی بھی ہے، بیٹوں کے برابر

Aashiq ka to aashiq hai, biradar ka biradar
عاشق کا تو عاشق ہے، برادر کا برادر

Bigroon gi gila gar koi uslub karo ge
بگڑوں گی گلہ گر کوئی اسلوب کرو گے

Abbas se kya tum mujhe mahjoob karo ge
عباس سے کیا تم مجھے محجوب کرو گے

"Granted, the office of Jafar comes down to you;
But is any office greater than serving our master?
My younger brother too is like a son to me;
He is a lover to the one who loves, and a brother to his brother;
I shall be angry if you raise any complaint, in any manner;
Would you shame me before Abbas?"

Free to read, copy and share

70

Zainab ne itabana jo ki un se ye guftar
زینبؑ نے عتابانہ جو کی ان سے یہ گفتار

Yun kehne lage, jor ke haathon ko wo dildar
یوں کہنے لگے، جوڑ کے ہاتھوں کو وہ دلدار

Shahon se ghulamon ne bhi ki hai, kabhi takrar
شاہوں سے غلاموں نے بھی کی ہے، کبھی تکرار

Malik hain jise chaahen alam den, shah-e-abrar
مالک ہیں جسے چاہیں علم دیں، شہ ابرار

Rukhsat ke liye tegh-o-sipar baandhe hue hain
رخصت کے لئے تیغ و سپر باندھے ہوئے ہیں

Hum subh se marne pe kamar baandhe hue hain
ہم صبح سے مرنے پہ کمر باندھے ہوئے ہیں

When Zainab had spoken to them so reproachfully,
Those dear ones joined their hands and said,
"Have slaves ever argued with kings?
The King of the righteous is master; let him give the standard to whom he will;
We have girded on sword and shield to ask leave to fight;
Since morning we have been girded and ready to die."

71

Zainab ne kaha le ke balaayen ke sidhaaro
زینبؑ نے کہا لے کے بلائیں کہ سدھارو

Bas ab mera dil shaad hua ae mere pyaaro
بس اب مرا دل شاد ہوا اے مرے پیارو

Maan sadqe gayi, sar qadam-e-shah pe waaro
ماں صدقے گئی، سر قدم شاہ پہ وارو

Ho eid mujhe gar Umar-o-Shimr ko maaro
ہو عید مجھے گر عمرؑ و شمرؑ کو مارو

Ye waqt hai imdad-e-Imam-e-azali ka
یہ وقت ہے امداد امام ازلی کا

De chhote se haathon mein Khuda zor Ali ka
دے چھوٹے سے ہاتھوں میں خدا زور علیؑ کا

Zainab, taking their ills upon herself, said, "Go forth;
Now my heart is glad, my darlings;
Your mother is your sacrifice; offer your heads at the King's feet;
It would be Eid for me if you killed Umar ibn Saad and Shimr;
This is the time to help the Imam ordained from eternity;
May God give Ali's strength to your little hands."

Free to read, copy and share

72

Sadqe gayi sun lo ke main kehti hoon jata kar
Tum pehle fida kijiyo sar shah ke qadam par
Maidan mein zakhmi hue gar Qasim-o-Akbar
Phir tum mere farzand na main donon ki madar
Jab dil hua naraz to farzand kahan ke
Kis kaam ka wo laal jo kaam aaye na maan ke

صدقے گئی سن لو کہ میں کہتی ہوں جتا کر
تم پہلے فدا کیجیو سر شہ کے قدم پر
میدان میں زخمی ہوئے گر قاسمؑ و اکبرؑ
پھر تم مرے فرزند نہ میں دونوں کی مادر
جب دل ہوا ناراض تو فرزند کہاں کے
کس کام کا وہ لعل جو کام آئے نہ ماں کے

"I am your sacrifice; listen, for I tell you plainly:
You must be the first to lay your heads at the King's feet;
If Qasim and Akbar are wounded on the battlefield,
Then you are not my sons, nor am I mother to you two;
When the heart is displeased, what sons are they?
What use is a son who is of no use to his mother?"

73

In mein se agar ran ki taraf ek sidhaara
Zahra ki qasam munh na main dekhoon gi tumhaara
Jis waqt sunoon gi ke sar in donon ne waara
Us waqt tumhen hoga mera doodh gawara
Be jaan hue baad un ke, to maatam na karoon gi
Dekho jo maroon gi bhi to naraz maroon gi

ان میں سے اگر رن کی طرف ایک سدھارا
زہراؑ کی قسم منہ نہ میں دیکھوں گی تمہارا
جس وقت سنوں گی کہ سر ان دونوں نے وارا
اس وقت تمہیں ہوگا مرا دودھ گوارا
بے جاں ہوئے بعد ان کے، تو ماتم نہ کروں گی
دیکھو جو مروں گی بھی تو ناراض مروں گی

"If one of them sets out for the battlefield,
I swear by Zahra, I will not look upon your faces;
When I hear that these two have given their heads,
Only then will my milk have done you good;
If you die after them, I will not mourn;
Mark me, even when I die, I will die displeased."

Free to read, copy and share

74

Hain donon bhateeje, mere pyaare mere mahboob
ہیں دونوں بھتیجے، مرے پیارے مرے محبوب

Tum un pe tasadduq ho, yahi hai mujhe matloob
تم ان پہ تصدق ہو، یہی ہے مجھے مطلوب

Jeena nahin behtar kisi surat, kisi uslub
جینا نہیں بہتر کسی صورت، کسی اسلوب

Be sar diye doodh apna main
bakhshoon tumhen, kya khoob
بے سر دیے دودھ اپنا میں
بخشوں تمہیں، کیا خوب

Iza jo uthaao ge to raahat bhi mile gi
ایذا جو اٹھاؤ گے تو راحت بھی ملے گی

Jab aayen gi laashen to ye daulat bhi mile gi
جب آئیں گی لاشیں تو یہ دولت بھی ملے گی

"Both my nephews are my darlings, my beloved;
That you be sacrificed for them is all I want;
To stay alive is not better, in any way or manner;
Should I forgive you my milk without your giving your heads? How fine!
If you endure suffering, you will find comfort too;
When your bodies come back, this treasure too will be yours."

75

Dekho kahe deti hoon khabardar! khabardar
دیکھو کہے دیتی ہوں خبردار! خبردار

Jeete jo rahe doodh na bakhshoon gi main zinhar
جیتے جو رہے دودھ نہ بخشوں گی میں زنہار

Sheron ke ye hain kaam khinche jis ghari talwar
شیروں کے یہ ہیں کام کھنچے جس گھڑی تلوار

Rakh deven gala barh ke, tah-
e-khanjar-e-khoon khwar
رکھ دیویں گلا بڑھ کے، تہِ خنجرِ خوں خوار

Tori hain safen jang mein jab khet pare hain
توڑی ہیں صفیں جنگ میں جب کھیت پڑے ہیں

Jinnat ke lashkar se Ali yun hi lare hain
جنات کے لشکر سے علیؑ یوں ہی لڑے ہیں

"Look, I am telling you plainly: take care! Take care!
If you come back alive, I will never forgive you my milk;
This is what lions do: the moment the sword is drawn,
They step forward and lay their throats beneath the bloodthirsty dagger;
They broke the ranks in battle when the field was strewn with the slain;
This is how Ali fought the army of the jinn."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

76

Aada ko mere doodh ki taseer dikhaao	اعدا کو مرے دودھ کی تاثیر دکھاؤ
Ijlal-e-Hasan shaukat-e-Shabbir dikhaao	اجلالِ حسن شوکتِ شبیر دکھاؤ
Jafar ki tarah jauhar-e-shamsheer dikhaao	جعفرؑ کی طرح جوہرِ شمشیر دکھاؤ
Tan tan ke Yadullah ki tasveer dikhaao	تن تن کے ید اللہ کی تصویر دکھاؤ
Khursheed-e-imamat se qarabat mein qareen ho	خورشیدِ امامت سے قرابت میں قریں ہو
Tum sher ho sheron ke haseenon ke haseen ho	تم شیر ہو شیروں کے حسینوں کے حسیں ہو

"Show the enemy the power of my milk;
Show the majesty of Hasan and the glory of Shabbir;
Show your mastery of the sword as Jafar did;
Stand tall and show the very image of the Hand of God;
You are close in kinship to the sun of the Imamate;
You are lions, sons of lions; beautiful, sons of the beautiful."

77

Jafar se namudar ke dilbar ho daleero	جعفر سے نمودار کے دلبر ہو دلیرو
Haidar se dilawar ke dilawar ho daleero	حیدر سے دلاور کے دلاور ہو دلیرو
Jarrar ho, karrar ho, safdar ho daleero	جرار ہو، کرار ہو، صفدر ہو دلیرو
Zirgham ho, zaigham ho, ghazanfar ho daleero	ضرغام ہو، ضیغم ہو، غضنفر ہو دلیرو
Teeron se jawanon ke jigar tor ke aao	تیروں سے جوانوں کے جگر توڑ کے آؤ
Khaibar ki tarah Kufe ka dar tor ke aao	خیبر کی طرح کوفے کا در توڑ کے آؤ

"You are the darlings of a man as illustrious as Jafar, O brave ones;
You are the brave sons of a man as brave as Haidar, O brave ones;
You are mighty, ever-charging breakers of ranks, O brave ones;
You are lions, fierce lions, mighty lions, O brave ones;
Come back having pierced the hearts of their young men with your arrows;
Come back having broken down the gate of Kufa as at Khaibar."

Free to read, copy and share

78

Khandaq ki larai ki tarah jang ko jhelo	خندق کی لڑائی کی طرح جنگ کو جھیلو
Bachche Asadullah ke ho, jaan pe khelo	بچے اسد اللہ کے ہو، جان پہ کھیلو
Teghon mein dhanso, chhaatiyon se nezon ko relo	تیغوں میں دھنسو، چھاتیوں سے نیزوں کو ریلو
Kufe ko tah-e-tegh karo, Shaam ko le lo	کوفے کو تہِ تیغ کرو، شام کو لے لو
Do aur jila aaina-e-tegh-e-Arab ko	دو اور جلا آئینۂ تیغِ عرب کو
Lo Room ko qabze mein to qaabu mein Halab hai	لو روم کو قبضے میں تو قابو میں حلب ہے

"Bear the battle as at the battle of the Trench;
You are children of the Lion of God; stake your lives;
Plunge among the swords; thrust back the spears with your breasts;
Put Kufa to the sword, and take Syria;
Give fresh polish to the mirror of the Arab sword;
Seize Rome, and Aleppo is in your grasp."

79

Khaqan ka raha takht na Qaisar ka raha taaj	خاقانؔ کا رہا تخت نہ قیصرؔ کا رہا تاج
Haan ghaziyo! Cheen-o-Habash-o-Zang se lo baaj	ہاں غازیو ! چین و حبش و زنگ سے لو باج
Charhna hai larai pe jawan mardon ko meraj	چڑھنا ہے لڑائی پہ جواں مردوں کو معراج
Geeti tah-o-bala ho wo talwar chale aaj	گیتی تہ و بالا ہو وہ تلوار چلے آج
Yun aaiyo chaar aaina pehne hue bar mein	یوں آئیو چار آئینہ پہنے ہوئے بر میں
Jis tarah Ali baad-e-zafar aate the ghar mein	جس طرح علیؑ بعد ظفرؔ آتے تھے گھر میں

"Neither the Khaqan's throne remained, nor Caesar's crown;
Come, warriors! Take tribute from China, Abyssinia and the land of the Zanj;
For brave young men, going into battle is an ascension;
Let the sword strike today so that the world is turned upside down;
Come back like this, wearing four-plated armour on your bodies,
As Ali used to come home after victory."

Free to read, copy and share

80

Maile na hon tevar, ye sipahi ke hunar hain
میلے نہ ہوں تیور، یہ سپاہی کے ہنر ہیں

Jis ke hain, bas us ke hain, jidhar hain bas udhar hain
جس کے ہیں، بس اس کے
ہیں، جدھر ہیں بس ادھر ہیں

Gah itr mein doobe hain, gahe khoon mein tar hain
کہ عطر میں ڈوبے ہیں، گہے خون میں تر ہیں

Sohbat mein musahib hain, larai mein sipar hain
صحبت میں مصاحب ہیں، لڑائی میں سپر ہیں

Wo aur kisi se na jhuken ge na jhuke hain
وہ اور کسی سے نہ جھکیں گے نہ جھکے ہیں

Izzat mein na farq aaye ke sar bech chuke hain
عزت میں نہ فرق آئے کہ سر بیچ چکے ہیں

"Let your bearing not be clouded; these are a soldier's virtues:
Whose men they are, his alone they are; where they stand, there they stay;
Now they are steeped in perfume, now drenched in blood;
In company they are companions; in battle they are shields;
They will bow to no one else, nor have they ever bowed;
Let their honour suffer no loss, for they have already sold their heads."

81

Ye sun ke jo nikle wo jari kheme se baahar
یہ سن کے جو نکلے وہ جری خیمے سے باہر

Kis pyaar se munh donon ka takne lage sarwar
کس پیار سے منہ دونوں کا تکنے لگے سرور

Akbar ne ye ki arz ke ae sibt-e-payambar
اکبرؑ نے یہ کی عرض کہ اے سبطِ پیمبر

Tayyar hai sab qibla-e-kaunain ka lashkar
تیار ہے سب قبلۂ کونین کا لشکر

Jaldi hai larai ki udhar fauj-e-sitam ko
جلدی ہے لڑائی کی ادھر فوج ستم کو

Irshad jise ho wo barhe le ke alam ko
ارشاد جسے ہو وہ بڑھے لے کے علم کو

When, having heard this, those brave ones came out of the tent,
With what love the Chief gazed at both their faces!
Akbar submitted, "O grandson of the Prophet,
The whole army of the qibla of both worlds is ready;
Over there the army of cruelty is in haste for battle;
Let whoever you command go forward with the standard."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

82

Shah bole ke Abbas-e-dilawar ko bulaao
شہ بولے کہ عباسؑ دلاور کو بلاؤ

Pyaare mere mahboob biradar ko bulaao
پیارے مرے محبوب برادر کو بلاؤ

Aashiq ko madadgar ko yawar ko bulaao
عاشق کو مددگار کو یاور کو بلاؤ

Jaldi mere Hamza mere Jafar ko bulaao
جلدی مرے حمزہؑ مرے جعفرؑ کو بلاؤ

Ye auj, ye rutba, ye hasham us ke liye hai
یہ اوج، یہ رتبہ، یہ حشم اس کے لئے ہے

Zeb us se alam ki hai, alam us ke liye hai
زیب اس سے علم کی ہے،
علم اس کے لئے ہے

The King said, "Call brave Abbas;
Call my dear, beloved brother;
Call my lover, my helper, my supporter;
Quickly, call my Hamza, my Jafar;
This eminence, this rank, this glory are for him;
The standard is graced by him; the standard is meant for him."

83

Sab takne lage surat-e-Abbas-e-falak jah
سب تکنے لگے صورتِ عباس فلک جاہ

Nazan hua khud auj pe apne alam-e-shah
نازاں ہوا خود اوج پہ اپنے علمِ شاہ

Yani mera amil hai nishan-e-Asadullah
یعنی مرا عامل ہے نشانِ اسد اللہ

Baleeda tha parcham, to pharera tha hawa khwah
بالیدہ تھا پرچم، تو پھریرا تھا ہوا خواہ

Jaan aa gayi thi sunte hi is khushkhabari ko
جان آگئی تھی سنتے ہی اس خوشخبری کو

Panja bhi ishaare se bulaata tha jari ko
پنجہ بھی اشارے سے بلاتا تھا جری کو

All began to gaze at the face of Abbas, high as the heavens in rank;
The King's standard itself took pride in its own height,
As if to say, 'My bearer is the very sign of the Lion of God';
The flag swelled with pride, and the pennant was its well-wisher;
Life had come into it on hearing this good news;
Even the hand at its crest beckoned to the brave one.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

84

Khush ho ke ye ammu ko pukaare Ali Akbar
خوش ہو کے یہ عمّو کو پکارے علیؑ اکبر

Jald aaiye yaad aap ko farmaate hain sarwar
جلد آیئے یاد آپ کو فرماتے ہیں سرور

Hazir hua jore hue haathon ko wo safdar
حاضر ہوا جوڑے ہوئے ہاتھوں کو وہ صفدر

Irshad kiya shah ne alam bhai ko de kar
ارشاد کیا شہ نے علم بھائی کو دے کر

Rakhiye ise kaandhe pe, ye hai aap ka ohda
رکھیے اسے کاندھے پہ، یہ ہے آپ کا عہدہ

Lo bhai mubarak ho tumhen baap ka ohda
لو بھائی مبارک ہو تمہیں باپ کا عہدہ

Joyfully Ali Akbar called out to his uncle,
"Come quickly; the Chief is calling for you."
That breaker of ranks presented himself with joined hands;
Giving the standard to his brother, the King said,
"Bear it on your shoulder; this is your office;
Here, brother, may your father's office be blessed for you."

85

Bosa diya Abbas-e-dilawar ne alam par
بوسہ دیا عباسؑ دلاور نے علم پر

Taslim ki aur rakh diya sar shah ke qadam par
تسلیم کی اور رکھ دیا سر شہ کے قدم پر

Ki arz ke qurban is altaf-o-karam par
کی عرض کہ قربان اس الطاف و کرم پر

Sau sar hon to sadqe main shahanshah-e-umam par
سو سر ہوں تو صدقے میں شہنشاہِ امم پر

Adna jo abhi tha use aala kiya Maula
ادنیٰ جو ابھی تھا اسے اعلیٰ کیا مولا

Qatre ko tere faiz ne darya kiya Maula
قطرے کو ترے فیض نے دریا کیا مولا

Brave Abbas kissed the standard,
Bowed in salute, and laid his head at the King's feet;
He said, "I am a sacrifice for this kindness and grace;
Had I a hundred heads, I would give them all for the King of kings of the nations;
My Lord, you have raised to the highest one who was lowly a moment ago;
Your bounty has made the drop a river, my Lord."

Free to read, copy and share

86

Is chatr-e-falak qadr ka saaya mere sar par
اس چترِ فلک قدر کا سایہ مرے سر پر

Is dhoop mein hoga, pe pharera mere sar par
اس دھوپ میں ہوگا، پہ پھریرا مرے سر پر

Ye abr mere sar pe, ye Tooba mere sar par
یہ ابر مرے سر پہ، یہ طوبیٰ مرے سر پر

Qaim rahen laakhon baras aqa mere sar par
قائم رہیں لاکھوں برس آقا مرے سر پر

Sultan-e-do aalam ki ghulami ke sile hain
سلطانِ دو عالم کی غلامی کے صلے ہیں

Sab auj ye nalain uthaane se mile hain
سب اوج یہ نعلین اٹھانے سے ملے ہیں

"The shade of this canopy, exalted as the heavens, over my head!
In this sun the pennant will be over my head;
This cloud over my head, this Tooba tree over my head!
May my master remain over my head for countless years;
These are the rewards of serving the Sultan of both worlds;
All this eminence has come from carrying his sandals."

87

Hazrat ne kaha ro ke ye kya kehte ho pyaare
حضرت نے کہا رو کے یہ کیا کہتے ہو پیارے

Hazir hai agar jaan bhi kaam aaye tumhaare
حاضر ہے اگر جان بھی کام آئے تمہارے

Hissa ye tumhaara tha so pahuncha tumhen baare
حصہ یہ تمہارا تھا سو پہونچا تمہیں بارے

Malik ho tumhin, hum to hain ab gor kinaare
مالک ہو تمہیں، ہم تو ہیں اب گور کنارے

Tha dil mein jo kuchh wo ba Khuda ho nahin sakta
تھا دل میں جو کچھ وہ بخدا ہو نہیں سکتا

Bhai tera haq mujh se ada ho nahin sakta
بھائی ترا حق مجھ سے ادا ہو نہیں سکتا

The Hazrat said, weeping, "What are you saying, my dear?
Even my life is yours, if it can be of use to you;
This was your share, and at last it has reached you;
You are the master now; I am at the edge of the grave;
What was in my heart, by God, cannot come to be;
Brother, I can never repay what I owe you."

Free to read, copy and share

88

Ye keh ke barhe sarwar-e-deen janib-e-tausan
یہ کہہ کے بڑھے سرورِ دیں جانبِ توسن

Hatyar lagaaye hue, pehne hue jaushan
ہتیار لگائے ہوئے، پہنے ہوئے جوشن

Aswar hue aap, jo gardaan ke daaman
اسوار ہوئے آپ، جو گردان کے دامن

Allah re ziya, khana-e-zeen ho gaya raushan
اللہ رے ضیا، خانۂ زیں ہو گیا روشن

Wo paaon rikabon ke liye bais-e-zau the
وہ پاؤں رکابوں کے لئے باعثِ ضو تھے

Khursheed ke qadmon ke tale do mah-e-nau the
خورشید کے قدموں کے تلے دو مہِ نو تھے

Saying this, the Chief of the faith went towards his steed,
Bearing his weapons and wearing his coat of mail;
He mounted, tucking up the skirts of his robe;
Allah, what radiance! The seat of the saddle was lit up;
Those feet were a source of light for the stirrups;
Beneath the feet of the sun were two new moons.

89

Raanon ke ishaare se laga kaundne, shabdez
رانوں کے اشارے سے لگا کوندنے، شبدیز

Aswar ke dil ka tha ishaara use mahmez
اسوار کے دل کا تھا اشارہ اسے مہمیز

Garma ke jo Shabbir ne tazi ko kiya tez
گرما کے جو شبیرؑ نے تازی کو کیا تیز

Aada pe chala ghol sawaron ka, jilau rez
اعدا پہ چلا غول سواروں کا، جلو ریز

Ek ek jawan-e-Arabi, rashk-e-malak tha
ایک ایک جوانِ عربی، رشکِ ملک تھا

Allah ke lashkar ka alam, sar ba falak tha
اللہ کے لشکر کا علم، سر بہ فلک تھا

At the touch of his thighs the night-black steed began to flash like lightning;
The wish of the rider's heart was spur enough for it;
When Shabbir, warming to it, urged on his Arab steed,
The troop of horsemen rode against the enemy at full gallop;
Every young Arab was the envy of the angels;
The standard of Allah's army reached up to the sky.

Free to read, copy and share

90

Kya faiz-e-sawari tha ke zar rez thi sab raah	کیا فیضِ سواری تھا کہ زر ریز تھی سب راہ
Tale tha idhar mehr, udhar tha alam-e-shah	طالع تھا ادھر مہر، ادھر تھا علم شاہ
Mabain do khursheed thi, fauj-e-shah-e-zi jah	مابین دو خورشید تھی، فوجِ شہِ ذی جاہ
Panje pe tajalli thi, ke Allah hi Allah	پنجے پہ تجلی تھی، کہ اللہ ہی اللہ
Bala thi chamak, mehr-e-munawwar ki chamak par	بالا تھی چمک، مہرِ منور کی چمک پر
Zau us ki zameen par thi, ziya us ki falak par	ضو اس کی زمیں پر تھی، ضیا اس کی فلک پر

Such was the blessing of that cavalcade that the whole road was strewn with gold;
On one side the sun was rising, on the other was the King's standard;
Between the two suns was the army of the exalted King;
Such glory shone on the hand at its crest: Allah, Allah!
Its gleam outshone the gleam of the shining sun;
Its light lay on the earth, its radiance on the sky.

91

Ek ek jawan, zewar-e-jangi ko sanwaare	ایک ایک جواں، زیورِ جنگی کو سنوارے
Nezon ki chamak aur wo samandar ke tarare	نیزوں کی چمک اور وہ سمندر کے طرارے
Jafar ke jigar band, Yadullah ke pyaare	جعفرؑ کے جگربند، ید اللہ کے پیارے
Rustam se har ik jang kare sher ko maare	رستم سے ہر اک جنگ کرے شیر کو مارے
Sayyaf ho Marhab sa, to shamsheer se maaren	سیاف ہو مرحبؑ سا، تو شمشیر سے ماریں
Arjun se kamandar ko, ik teer se maaren	ارجنؑ سے کماندار کو، اک تیر سے ماریں

Every young man had put on the ornaments of war;
The gleam of the lances, and the surging of that sea!
The darlings of Jafar, the beloved ones of the Hand of God;
Each one would fight a Rustam and slay a lion;
If a swordsman like Marhab came, they would kill him with the sword;
An archer like Arjun they would kill with a single arrow.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

92

Kam sin kai larkon ka juda ghol tha sab se
Soye bhi na the, walwala-e-jang mein, shab se
Roke hue baagon ko, shah-e-deen ke adab se
Aada ki taraf dekhte the, chashm-e-ghazab se
Hathiyar jo baandhe the to kya tan pe khule the
Sab neemche taule hue marne pe tule the

کم سن کئی لڑکوں کا جدا غول تھا سب سے
سوئے بھی نہ تھے، ولولۂ جنگ میں، شب سے
روکے ہوئے باگوں کو، شہِ دیں کے ادب سے
اعدا کی طرف دیکھتے تھے، چشمِ غضب سے
ہتھیار جو باندھے تھے تو کیا تن پہ کھُلے تھے
سب نیمچے تولے ہوئے مرنے پہ تُلے تھے

Several young boys made a band apart from all the rest;
In their eagerness for battle they had not slept all night;
Holding in their reins out of respect for the King of the faith,
They looked at the enemy with eyes of wrath;
The weapons they had girded on, how well they suited them!
All, with short swords poised, were bent on dying.

93

Wo chaand sa munh, aur wo gore badan, un ke
Sharminda ho ghunche bhi, wo nazuk dahan un ke
Yusuf ki tarah itr fishan pairahan un ke
Mar kar wahi kapre hue aakhir kafan un ke
Kya husn-e-aqeedat tha ajab dil ke jawan the
Aqa pe fida hone ko sab ek zaban the

وہ چاند سا منہ، اور وہ گورے بدن، ان کے
شرمندہ ہو غنچے بھی، وہ نازک دہن ان کے
یوسف کی طرح عطر فشاں پیرہن ان کے
مر کر وہی کپڑے ہوئے آخر کفن ان کے
کیا حسنِ عقیدت تھا عجب دل کے جواں تھے
آقا پہ فِدا ہونے کو سب ایک زباں تھے

Their moon-like faces, and their fair bodies;
Their delicate mouths would put even rosebuds to shame;
Their garments, like Joseph's, breathed out perfume;
When they died, those same clothes became their shrouds at last;
What beauty of faith! They were young men of wondrous heart;
All were of one voice in giving their lives for their master.

Free to read, copy and share

94

Umren to kam-o-besh, ye sab gesuon waale
عمریں تو کم و بیش، یہ سب گیسوؤں والے

Ik ghol mein the chaand kai aur kai haale
اِک غول میں تھے چاند کئی اور کئی ہالے

Zi martaba sayyidaniyon ko god ke paale
ذی مرتبہ سیدانیوں کو گود کے پالے

Ghuncha tha wo sab, Akbar-e-gul roo ke hawaale
غنچہ تھا وہ سب، اکبرِ گل رو کے حوالے

In taza nihalon mein namudar yahi the
ان تازہ نہالوں میں نمودار یہی تھے

Is gulshan-e-yak rang ke mukhtar yahi the
اس گلشنِ یک رنگ کے مختار یہی تھے

Their ages differed, but all wore long locks;
In one band were many moons and many haloes;
Reared in the laps of the noble Sayyid ladies;
That whole cluster of buds was in the charge of rose-faced Akbar;
Among these fresh saplings he stood out;
He was the master of this garden of one colour.

95

Maqtal ko jo pur noor kiya, askar-e-deen ne
مقتل کو جو پر نور کیا، عسکرِ دیں نے

Dekha taraf-e-charkh, haqarat se zameen ne
دیکھا طرفِ چرخ، حقارت سے زمیں نے

Ooncha na kiya sar falak-e-mah-e-jabeen ne
اونچا نہ کیا سر فلکِ ماہِ جبیں نے

Ki farsh pe hasrat se nazar arsh-e-bareen ne
کی فرش پہ حسرت سے نظر عرشِ بریں نے

Uth uth ke chamak apni dikhaane lage zarre
اٹھ اٹھ کے چمک اپنی دکھانے لگے ذرے

Khursheed ke pehlu ko dabaane lage zarre
خورشید کے پہلو کو دبانے لگے ذرے

When the army of the faith lit up the field of slaughter,
The earth looked at the sky with contempt;
The moon-browed sky did not raise its head;
The highest Throne looked down on the earth with longing;
The specks of dust rose up again and again to show their sparkle;
The specks of dust began to rival the sun.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

96

Khola jo pharere ko alamdar jari ne
Loote gul-e-firdaus, naseem-e-sahari ne
Taaron ko utaara, falak-e-neelofari ne
Parcham jo khula khol diye baal pari ne
Isa ne pukaara ke nisar is ke hasham ke
Khursheed ne munh rakh diya panje pe alam ke

کھولا جو پھریرے کو علمدار جری نے
لوٹے گلِ فردوس، نسیم سحری نے
تاروں کو اتارا، فلکِ نیلوفری نے
پرچم جو کھلا کھول دیے بال پری نے
عیسی نے پکارا کہ نثار اس کے حشم کے
خورشید نے منہ رکھ دیا پنجے پہ علم کے

When the brave standard-bearer unfurled the pennant,
The dawn breeze carried off the roses of Paradise;
The lotus-blue sky offered up its stars as a ransom;
When the flag opened out, the fairy let down her hair;
Jesus cried out, "May I be a sacrifice for its majesty!"
The sun laid its face on the hand at the standard's crest.

97

Tarteeb-e-saf-e-fauj ka jis dam hua ilam
Baandhi Ali Akbar ne saf-e-lashkar-e-Islam
Zahir jo hui shan-e-jawanan-e-gul andam
Kufe ke nishan jhuk gaye, kaanpi sipah-e-Shaam
Allah re shaukat shurafa-o-nujaba ki
Islam ka lashkar tha ke qudrat bhi Khuda ki

ترتیبِ صفِ فوج کا جس دم ہوا اعلام
باندھی علیؑ اکبر نے صفِ لشکرِ اسلام
ظاہر جو ہوئی شانِ جوانانِ گل اندام
کوفے کے نشاں جھک گئے، کانپی سپہِ شام
اللہ رے شوکت شرفا و نجبا کی
اسلام کا لشکر تھا کہ قدرت بھی خدا کی

When the order was given to draw up the ranks of the army,
Ali Akbar set the ranks of the army of Islam in order;
When the splendour of the rose-limbed young men appeared,
The banners of Kufa bowed, and the army of Syria trembled;
Allah, the majesty of those nobles and men of high birth!
Was this the army of Islam, or the power of God itself?

Free to read, copy and share

98

Nagah baja tabl, barha lashkar-e-saffak
ناگاہ بجا طبل، بڑھا لشکرِ سفاک

Ta charkh gaya, ghulghula-e-kos-e-shaghab nak
تا چرخ گیا، غلغلۂ کوسِ شغب ناک

Faryad se qarna ki hila gumbad-e-aflak
فریاد سے قرنا کی ہلا گنبد افلاک

Tharra gaya aawaz-e-duhul se kura-e-khaak
تھرا گیا آوازِ دہل سے کرۂ خاک

Naubat thi zabas qatl-e-Imam-e-Madani ki
نوبت تھی زبس قتلِ امامِ مدنی کی

Saaf aati thi taashon se sada seena zani ki
صاف آتی تھی تاشوں سے صدا سینہ زنی کی

Suddenly the drum sounded and the murderous army advanced;
The din of the clamorous kettledrum rose to the sky;
The dome of the heavens shook at the wail of the trumpet;
The globe of earth trembled at the sound of the drums;
Since the drums were beating for the killing of the Imam of Medina,
From the kettledrums came, clear, the sound of breast-beating.

99

Waan shor tha baajon ka idhar nara-e-takbeer
واں شور تھا باجوں کا ادھر نعرۂ تکبیر

Ek ek jari jhoomta tha taul ke shamsheer
ایک ایک جری جھومتا تھا تول کے شمشیر

Nagah soo-e-fauj-e-Khuda aane lage teer
ناگاہ سوئے فوجِ خدا آنے لگے تیر

Abbas alambardar ne dekha rukh-e-Shabbir
عباسؑ علمبدار نے دیکھا رخِ شبیر

Ki arz ke larne ko shareer aate hain Maula
کی عرض کہ لڑنے کو شریر آتے ہیں مولا

Kya hukm hai ab pyaason pe teer aate hain Maula
کیا حکم ہے اب پیاسوں پہ تیر آتے ہیں مولا

There was the din of instruments; here the cry 'God is Greatest';
Every brave man swayed, poising his sword;
Suddenly arrows began to fly towards God's army;
Abbas the standard-bearer looked at Shabbir's face
And said, "The wicked are coming to fight, my Lord;
What is your command? Arrows are falling on the thirsty now, my Lord."

Free to read, copy and share

100

Shah ne kaha sharm aati hai kya hukm main doon aah
شہ نے کہا شرم آتی ہے کیا حکم میں دوں آہ

Haftad-e-do tan yaan hain, udhar saikron gumrah
ہفتادِ دو تن یاں ہیں، ادھر سیکڑوں گمراہ

Ghazi ne ye ki arz ke ae gul ke shahanshah
غازی نے یہ کی عرض کہ اے گل کے شہنشاہ

Ye sher-e-neestan-e-Ali hain, to wo robah
یہ شیر نیستانِ علیؑ ہیں، تو وہ روباہ

Laakhon hain to kya dar hai shujaan-e-Arab ko
لاکھوں ہیں تو کیا ڈر ہے شجاعانِ عرب کو

Iqbal se aqa ke bhaga dete hain sab ko
اقبال سے آقا کے بھگا دیتے ہیں سب کو

The King said, "I am ashamed; what command can I give, alas?
Seventy-two men are here, and there hundreds of the misguided."
The warrior said, "O King of all,
These are lions of Ali's reed-bed, and they are foxes;
If they are hundreds of thousands, what fear is that to the brave men of Arabia?
By our master's good fortune we will put them all to flight."

101

Farmaya ke faaqe se hai, saara mera lashkar
فرمایا کہ فاقے سے ہے، سارا مرا لشکر

Paani nahin milta ke lab-e-khushk karen tar
پانی نہیں ملتا کہ لبِ خشک کریں تر

Behtar hai agar pehle kate tan se mera sar
بہتر ہے اگر پہلے کٹے تن سے مرا سر

Ghazi ne kaha sher-e-gurusna hain, ye safdar
غازی نے کہا شیرِ گرسنہ ہیں، یہ صفدر

Hamlon se ulat den ge pare fauj-e-adu ke
حملوں سے الٹ دیں گے پرے فوج عدو کے

Bhooke hain ye zakhmon ke, pyaase hain lahu ke
بھوکے ہیں یہ زخموں کے، پیاسے ہیں لہو کے

He said, "My whole army is starving;
There is no water to wet their dry lips;
It is better that my head be cut from my body first."
The warrior said, "These breakers of ranks are hungry lions;
With their charges they will overturn the lines of the enemy army;
They hunger for wounds and thirst for blood."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

102

Hazrat ne kaha khair! laro fauj-e-sitam se
Maloom hai sab aaj juda hoven ge hum se
Duniya se na matlab hai, na kuchh jah-o-hasham se
Kat jaaye ga apna bhi gala, tegh-e-do dam se
Maqbool hain wo, jo meri imdad karen ge
Is jang ko bhi log, bahut yaad karen ge

حضرت نے کہا خیر! لڑو فوجِ ستم سے
معلوم ہے سب آج جدا ہوویں گے ہم سے
دنیا سے نہ مطلب ہے، نہ کچھ جاہ و حشم سے
کٹ جائے گا اپنا بھی گلا، تیغ دو دم سے
مقبول ہیں وہ، جو مری امداد کریں گے
اس جنگ کو بھی لوگ، بہت یاد کریں گے

The Hazrat said, "Very well! Fight the army of cruelty;
I know that today you will all be parted from me;
I have no concern with the world, nor with rank and pomp;
My own throat too will be cut by the two-edged sword;
Those who help me are accepted;
People will long remember this battle too."

103

Jis dam ye suni, qibla-e-kaunain ki guftar
Jaanbaz barhe, fauj se chalne lagi talwar
The pyaason ke hamle ghazab-e-Hazrat-e-Qahhar
Choti ke jawan bhaag gaye phenk ke talwar
Kaun aankh mila sakta tha, sheron se Arab ke
Jab karte the nare qadam uth jaate the sab ke

جس دم یہ سنی، قبلۂ کونین کی گفتار
جانباز بڑھے، فوج سے چلنے لگی تلوار
تھے پیاسوں کے حملے غضبِ حضرتِ قہار
چوٹی کے جواں بھاگ گئے پھینک کے تلوار
کون آنکھ ملا سکتا تھا، شیروں سے عرب کے
جب کرتے تھے نعرے قدم
اٹھ جاتے تھے سب کے

When they heard these words of the qibla of both worlds,
The daring ones advanced, and swords began to clash with the army;
The charges of the thirsty were the wrath of the All-Subduing Lord;
The finest of the enemy's young men threw down their swords and fled;
Who could meet the eyes of the lions of Arabia?
When they raised their battle cries, everyone took to their heels.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

104

Larta tha ghazab ek ke baad ek wafadar
لڑتا تھا غضب ایک کے بعد ایک وفادار

Din charhta tha yaan, garm tha waan maut ka bazar
دن چڑھتا تھا یاں، گرم تھا واں موت کا بازار

Sar bechte the, jins-e-shahadat ke talabgar
سر بیچتے تھے، جنسِ شہادت کے طلبگار

Barh barh ke kharidar pe girta tha kharidar
بڑھ بڑھ کے خریدار پہ گرتا تھا خریدار

Len pehle, hum ek ek ki jaan is ki pari thi
لیں پہلے، ہم ایک ایک کی جاں اس کی پڑی تھی

Uqba ka jo sauda tha to qeemat bhi kari thi
عقبیٰ کا جو سودا تھا تو قیمت بھی کڑی تھی

One loyal man after another fought ferociously;
Here the day was climbing; there the market of death was busy;
Those who sought the goods of martyrdom were selling their heads;
Buyer pressed forward and fell upon buyer;
'Let us buy first!': every one of them had his heart set on this;
Since the bargain was for the hereafter, the price too was steep.

105

Aaya jo azizon ke liye maut ka paigham
آیا جو عزیزوں کے لئے موت کا پیغام

Farzandon ne Jafar ke bare ran mein kiye kaam
فرزندوں نے جعفرؑ کے بڑے رن میں کئے کام

Aulad-e-Aqeel aa chuki Shabbir ke jab kaam
اولاد عقیل آچکی شبیرؑ کے جب کام

Larne ko gaye Muslim-e-bekas ke gul andam
لڑنے کو گئے مسلمِ بیکس کے گل اندام

Tha hashr bapa nadiyan behti thin lahu ki
تھا حشر بپا ندیاں بہتی تھیں لہو کی

Bachchon ne ulat di thin safen fauj-e-adu ki
بچوں نے الٹ دی تھیں صفیں فوجِ عدو کی

When the summons of death came for the kinsmen,
The sons of Jafar did great deeds on the battlefield;
When the children of Aqeel had given their lives for Shabbir,
The rose-limbed sons of the forlorn Muslim went out to fight;
It was like the Day of Resurrection; rivers of blood were flowing;
The boys had overturned the ranks of the enemy army.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

106

Lashkar mein talatum tha ghazab chalti thi talwar
لشکر میں تلاطم تھا غضب چلتی تھی تلوار

Betaab the yaan, Zainab-e-nashad ke dildar
بیتاب تھے یاں، زینبِ ناشاد کے دلدار

Munh dekh ke Hazrat ka yahi kehte the har baar
منہ دیکھ کے حضرت کا یہی کہتے تھے ہر بار

Hum jaayen ge baad un ke soo-e-lashkar-e-kuffar
ہم جائیں گے بعد ان کے سوئے لشکرِ کفار

Ji jaayen jo Maula hamen marne ki raza den
جی جائیں جو مولا ہمیں مرنے کی رضا دیں

Aisa na ho Qasim ko huzoor izn-e-wagha den
ایسا نہ ہو قاسمؑ کو حضور اذنِ وِغا دیں

There was turmoil in the army; swords were striking fiercely;
Here the darlings of grieving Zainab were restless;
Looking at the Hazrat's face, they said each time,
"Are we to go against the army of the unbelievers only after them?
We would come alive if our lord gave us leave to die;
Let it not be that our lord gives Qasim leave for battle!"

107

Kuchh un se kaha chaahte the sarwar-e-zi shan
کچھ ان سے کہا چاہتے تھے سرورِ ذی شان

Jo ghul hua maare gaye Muslim ke dil-o-jaan
جو غل ہوا مارے گئے مسلمؑ کے دل و جان

Laashe bhi idhar aa chuke, jab khoon mein ghaltan
لاشے بھی ادھر آ چکے، جب خون میں غلطاں

Phir haathon ko jora ke mile rukhsat-e-maidan
پھر ہاتھوں کو جوڑا کہ ملے رخصت میداں

Shah ne kaha ye daagh to dushwar hai hum par
شہ نے کہا یہ داغ تو دشوار ہے ہم پر

In donon ne sar rakh diye mamoon ke qadam par
ان دونوں نے سر رکھ دیے ماموں کے قدم پر

The glorious Chief was about to say something to them
When the cry went up that Muslim's darlings had been killed;
When their bodies too, rolled in blood, had been brought here,
The boys joined their hands again, asking leave for the battlefield;
The King said, "This loss is hard for me to bear."
The two laid their heads at their uncle's feet.

Free to read, copy and share

108

Hazrat ne kaha maan se bhi ho aaye ho rukhsat
حضرت نے کہا ماں سے
بھی ہو آئے ہو رخصت

Kya kehte ho lutwa doon main hamsheer ki daulat
کیا کہتے ہو لٹوا دوں میں ہمشیر کی دولت

Maya ho tumhin us ka, tumhin us ki bizaat
مایہ ہو تمہیں اس کا، تمہیں اس کی بضاعت

Chhote ne ye Hazrat se kaha thaam ke riqqat
چھوٹے نے یہ حضرت سے کہا تھام کے رقت

Jhoote nahin hum, aap abhi poochh len sab se
جھوٹے نہیں ہم، آپ ابھی پوچھ لیں سب سے

Amman to raza de chuki hain, marne ki shab se
اماں تو رضا دے چکی ہیں، مرنے کی شب سے

The Hazrat said, "Have you taken leave of your mother too?
What are you saying? Shall I let my sister's treasure be plundered?
You alone are her wealth, you alone her whole fortune."
Holding back his tears, the younger one said to the Hazrat,
"We are not lying; ask anyone now;
Since last night Mother has given us leave to die."

109

Bachchon ne jo ki jor ke haathon ko ye taqreer
بچوں نے جو کی جوڑ کے ہاتھوں کو یہ تقریر

In donon ka munh dekh ke rone lage Shabbir
ان دونوں کا منہ دیکھ کے رونے لگے شبیرؑ

Farmaya chhuraata hai, tumhen bhi falak-e-peer
فرمایا چھڑاتا ہے، تمہیں بھی فلکِ پیر

Achchha main raza mand hoon, jo marzi-e-hamsheer
اچھا میں رضا مند ہوں، جو مرضیِٔ ہمشیر

Wo sayyida-e-pak nawaasi hai nabi ki
وہ سیدۂ پاک نواسی ہے نبی کی

Fayyaz ki hamsheer hai, beti hai sakhi ki
فیاض کی ہمشیر ہے، بیٹی ہے سخی کی

When the boys, with joined hands, had said this,
Shabbir looked at their faces and began to weep;
He said, "The aged sky is taking you from me too;
Very well, I consent, if it is my sister's wish;
That pure lady is the Prophet's granddaughter;
She is the sister of a generous man and the daughter of a bountiful one."

Free to read, copy and share

110

Ye sun ke jhuke aakhiri taslim ko zi jah
یہ سن کے جھکے آخری تسلیم کو ذی جاہ

Khursheed ke aage mah-e-nau ban gaye do mah
خورشید کے آگے مہ نو بن گئے دو ماہ

Ki soo-e-falak dekh ke Shabbir ne ik jah
کی سوئے فلک دیکھ کے شبیرؑ نے اک جاہ

Do sher chale ghoron par charh kar soo-e-jangah
دو شیر چلے گھوڑوں پر چڑھ کر سوئے جنگاہ

Maan deorhi se chillaai ke rukhsat ho mubarak
ماں ڈیوڑھی سے چلائی کہ رخصت ہو مبارک

Sarkar-e-shahanshah se, khilat ho mubarak
سرکارِ شہنشاہ سے، خلعت ہو مبارک

Hearing this, the noble boys bowed in a last salute;
Before the sun, two moons became new crescents;
Looking towards the sky, Shabbir heaved a sigh;
The two lions mounted their horses and set off for the battlefield;
Their mother cried out from the doorway, "May your leave-taking be blessed!
May the robe of honour from the King of kings' court be blessed for you!"

111

Sultan-e-do aalam ne mukhalla kiya waari
سلطانِ دو عالم نے مخلع کیا واری

Tum jaate ho ya jaati hai dulha ki sawari
تم جاتے ہو یا جاتی ہے دولہا کی سواری

Parwaan charhe, khatm huin shaadiyan saari
پروان چڑھے، ختم ہوئیں شادیاں ساری

Lo door se leti hoon balaayen, tumhaari
لو دور سے لیتی ہوں بلائیں، تمہاری

Sadqe gayi nezon ko hilaate hue jaao
صدقے گئی نیزوں کو ہلاتے ہوئے جاؤ

Shaklen mujhe phir phir ke dikhaate hue jaao
شکلیں مجھے پھر پھر کے دکھاتے ہوئے جاؤ

"The Sultan of both worlds has robed you in honour; I am your sacrifice;
Are you going, or is it a bridegroom's procession?
You grew to manhood, and all the celebrations are over;
Here, from afar I take your ills upon myself;
I am your sacrifice; go brandishing your lances;
Go, turning again and again to show me your faces."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

112

Taslim ko ghoron se jhuke, donon wo gul roo
Dil maan ka ye umda ke tapakne lage aansoo
Baagen jo uthaayen to faras ban gaye, ahu
Phir dekhne paayi na unhen Zainab-e-khush khoo
Maidan ki taraf yaas se maan reh gayi tak kar
Pinhan hue badli mein sitaare se chamak kar

تسلیم کو گھوڑوں سے جھکے، دونوں وہ گل رو
دل ماں کا یہ امڈا کہ ٹپکنے لگے آنسو
باگیں جو اٹھائیں تو فرس بن گئے، آہو
پھر دیکھنے پائی نہ انہیں زینبِ خوش خو
میداں کی طرف یاس سے ماں رہ گئی تک کر
پنہاں ہوئے بدلی میں ستارے سے چمک کر

The two rose-faced boys bowed from their horses in salute;
Their mother's heart welled up so that tears began to fall;
When they lifted their reins, the horses became gazelles;
Gentle Zainab never saw them again;
Their mother was left gazing in despair towards the battlefield;
Like stars they flashed, and vanished behind a cloud.

113

Maidan mein ajab shan se wo sher-e-nar aaye
Goya ke baham Haidar-o-Jafar nazar aaye
Ghul par gaya Hazrat ki behan ke pisar aaye
Aflak se bala-e-zameen do qamar aaye
Yusuf se fuzoon husn giranmaya hai un ka
Ye dhoop bayaban mein nahin, saaya hai un ka

میداں میں عجب شان سے وہ شیرِ نر آئے
گویا کہ بہم حیدرؑ و جعفرؑ نظر آئے
غل پڑ گیا حضرت کی بہن کے پسر آئے
افلاک سے بالائے زمیں دو قمر آئے
یوسف سے فزوں حسن گرانمایہ ہے ان کا
یہ دھوپ بیاباں میں نہیں، سایہ ہے ان کا

Those lions came onto the battlefield with wondrous splendour,
As if Haidar and Jafar had appeared together;
A cry went up: "The sons of the Hazrat's sister have come!"
Two moons had come down from the heavens onto the earth;
Their precious beauty surpasses Joseph's;
This is not sunlight in the desert; it is their shadow.

Free to read, copy and share

114

Wo chaand se munh, aur wo gesu-e-muanbar
وہ چاند سے منہ، اور وہ گیسوئے معنبر

Wo badr se rukhsar, zahe qudrat-e-dawar
وہ بدر سے رخسار، زہے قدرتِ داور

Sab shan Yadullah ki, sab shaukat-e-Haidar
سب شان یداللہ کی، سب شوکتِ حیدرؑ

Chitwan wahi, ghussa wahi, saare wahi tevar
چتون وہی، غصہ وہی، سارے وہی تیور

Ye dabdaba kis sahib-e-shamsheer ne dekha
یہ دبدبہ کس صاحبِ شمشیر نے دیکھا

Dekha jise, maloom hua sher ne dekha
دیکھا جسے، معلوم ہوا شیر نے دیکھا

Those moon-like faces, and those ambergris-scented locks;
Those cheeks like the full moon: how wondrous the power of the Sovereign!
All the splendour of the Hand of God, all the majesty of Haidar;
The same glance, the same anger, all the same looks;
What swordsman had ever seen such awe?
Whomever they looked at felt that a lion had looked at him.

115

Tan tan ke jo shan apni dikhaate the wo zi jah
تن تن کے جو شان اپنی دکھاتے تھے وہ ذی جاہ

Chhaati se laga lete the donon ko Yadullah
چھاتی سے لگا لیتے تھے دونوں کو ید اللہ

Shamshad se qaamat, na daraz aur na kotah
شمشاد سے قامت، نہ دراز اور نہ کوتاہ

Khele hue teghon mein fan-e-jang se agah
کھیلے ہوئے تیغوں میں فنِ جنگ سے آگاہ

Nakhun se daleron ke sab andaz-e-wagha the
ناخن سے دلیروں کے سب اندازِ وغا تھے

Bachche the magar bachcha-e-zirgham-e-Khuda the
بچے تھے مگر بچۂ ضرغامِ خدا تھے

When those noble boys, standing tall, displayed their splendour,
The Hand of God would clasp them both to his breast;
Their stature like the box tree, neither too tall nor too short;
Brought up playing among swords, skilled in the art of war;
To their very fingertips they had all the ways of brave men in battle;
They were children, but the children of God's lion.

Free to read, copy and share

116

The husn mein in donon ke aaina roo ek
Peshani-o-abru-o-sar-o-sadr-o-gulu ek
Shan ek, shukoh ek, jo rang ek, to boo ek
Dil ek, jigar ek, jasad ek, lahu ek
Aur in sa koi gharb se ta sharq nahin hai
Do tukre hain ik seb ke, kuchh farq nahin hai

تھے حسن میں ان دونوں کے آئینہ رو ایک
پیشانی و ابرو و سر و صدر و گلو ایک
شان ایک، شکوہ ایک، جو رنگ ایک، تو بو ایک
دل ایک، جگر ایک، جسد ایک، لہو ایک
اور ان سا کوئی غرب سے تا شرق نہیں ہے
دو ٹکڑے ہیں اک سیب
کے، کچھ فرق نہیں ہے

In beauty the two had the same mirror-bright face;
Forehead, brows, head, chest and throat were alike;
The same bearing, the same grandeur; as their colour was one, so was their scent;
One heart, one spirit, one body, one blood;
And there is no one like them from west to east;
They are two halves of one apple; there is no difference.

117

Parhne lage ashaar-e-rajaz jab wo dilawar
Allah ri fasahat fusaha ho gaye shashdar
Har bait thi dushman ke liye tegh-e-do paikar
Har misra-e-barjasta mein thi tezi-e-khanjar
De kaun jawab un ka ke dam band tha sab ka
Waan qafiya tha tang shujaan-e-Arab ka

پڑھنے لگے اشعارِ رجز جب وہ دلاور
اللہ ری فصاحت فصحا ہو گئے ششدر
ہر بیت تھی دشمن کے لئے تیغِ دوپیکر
ہر مصرع برجستہ میں تھی تیزیٔ خنجر
دے کون جواب ان کا کہ دم بند تھا سب کا
واں قافیہ تھا تنگ شجاعانِ عرب کا

When those brave boys began to recite their battle verses,
Allah, what eloquence! The eloquent were struck dumb;
Every couplet was a two-edged sword for the enemy;
Every apt line had the sharpness of a dagger;
Who could answer them? Everyone was breathless;
There the brave men of Arabia were hard pressed for a rhyme.

Free to read, copy and share

118

Izhar-e-nasab mein jo Muhammad ka liya naam
اظہارِ نسب میں جو محمدؐ کا لیا نام

Sab parhne lage salle ala sahib-e-Islam
سب پڑھنے لگے صلِ علیٰ صاحبِ اسلام

Aage jo barhe naam-e-Ali le ke wo gulfam
آگے جو بڑھے نامِ علیؑ لے کے وہ گلفام

Dil hil gaye tharraane laga Room se ta Shaam
دل ہِل گئے تھرانے لگا روم سے تا شام

Jafar ka jo kuchh zikr kiya baad Ali ke
جعفرؑ کا جو کچھ ذکر کیا بعد علیؑ کے

Mujre ko alam jhuk gaye sab fauj-e-shaqi ke
مجرے کو علم جھک گئے سب فوجِ شقی کے

When, declaring their lineage, they named Muhammad,
All began to call down blessings on the Lord of Islam;
When those rose-faced boys went further, naming Ali,
Hearts shook; from Rome to Syria all began to tremble;
When they spoke of Jafar after Ali,
All the standards of the wretched army bowed in salute.

119

Aaghaz tha zikr-e-sharaf-e-Hazrat-e-Shabbir
آغاز تھا ذکرِ شرفِ حضرتِ شبیرؑ

Danke pe udhar chot lagi, chalne lage teer
ڈنکے پہ ادھر چوٹ لگی، چلنے لگے تیر

Us waqt bare bhai ne ki chhote se taqreer
اس وقت بڑے بھائی نے کی چھوٹے سے تقریر

Talwar alam kijiye ab kis liye takheer
تلوار علم کیجئے اب کس لئے تاخیر

Kehte to juda ho ke sitamgaron pe jaayen
کہتے تو جدا ہو کے ستمگاروں پہ جائیں

Aswaron mein hum, aap kamandaron pe jaayen
اسواروں میں ہم، آپ کمانداروں پہ جائیں

They had begun to speak of the honour of the noble Shabbir
When, over there, the drum was struck and arrows began to fly;
Then the elder brother spoke to the younger:
"Raise your sword; why delay any longer?
If you say so, we will separate and go against the oppressors,
I among the horsemen, you against the archers."

Free to read, copy and share

120

Farmaya bare bhai ne hans kar, nahin bhai
Tum jaan ho, dushwar hai dam bhar ki judai
Ho jaati hai ik aan mein, har saf ki safai
Kar dete hain sar, kaun si aisi hai larai
Bazu hon qawi, haath se gar haath na chhoote
Sar tan se utar jaaye, magar saath na chhoote

فرمایا بڑے بھائی نے ہنس کر، نہیں بھائی
تم جان ہو، دشوار ہے دم بھر کی جدائی
ہو جاتی ہے اِک آن میں، ہر صف کی صفائی
کر دیتے ہیں سر، کون سی ایسی ہے لڑائی
بازو ہوں قوی، ہاتھ سے گر ہاتھ نہ چھوٹے
سر تن سے اتر جائے، مگر ساتھ نہ چھوٹے

The elder brother said, laughing, "No, brother;
You are my life; even a moment's parting is hard;
Every rank can be swept away in an instant;
We will conquer it; what sort of battle is this?
Our arms are strong if hand does not let go of hand;
Let the head be cut from the body, but let us never be parted."

121

Naana ki tarah, fauj pe hamle karen, aao
Talwaron mein tan tan ke chalo, barchhiyan khaao
In chhote se haathon ka hamen, zor dikhaao
Hum seena sipar tum pe hon, tum hum ko bachaao
Hum sheron pe Rustam ka bhi munh par na sake ga
Jab do hue ik dil to koi lar na sake ga

نانا کی طرح، فوج پہ حملے کریں، آؤ
تلواروں میں تن تن کے چلو، برچھیاں کھاؤ
ان چھوٹے سے ہاتھوں کا ہمیں، زور دکھاؤ
ہم سینہ سپر تم پہ ہوں، تم ہم کو بچاؤ
ہم شیروں پہ رستم کا بھی منہ پڑ نہ سکے گا
جب دو ہوئے اک دل تو کوئی لڑ نہ سکے گا

"Come, let us charge the army as our grandfather did;
Stride proudly among the swords and take the spear-thrusts;
Show me the strength of these little hands;
I will shield you with my breast, and you protect me;
Not even Rustam will dare to face us lions;
When two have become one heart, no one can fight them."

Free to read, copy and share

122

Chhote ne kaha jor ke haathon ko ke, behtar
Bas khench liye neemche, donon ne barabar
Do bijliyan kaundin ke larazne lage lashkar
Nezon ke neestan mein dar aaye wo ghazanfar
Barbad kiya rau mein sawaron ko daba ke
Rahwar bhi aswar the ghoron pe hawa ke

چھوٹے نے کہا جوڑ کے ہاتھوں کو کہ، بہتر
بس کھینچ لئے نیمچے، دونوں نے برابر
دو بجلیاں کوندیں کہ لرزنے لگے لشکر
نیزوں کے نیستاں میں در آئے وہ غضنفر
برباد کیا رو میں سواروں کو دبا کے
رہوار بھی اسوار تھے گھوڑوں پہ ہوا کے

The younger joined his hands and said, "Very well."
At once the two drew their short swords together;
Two lightnings flashed, and the armies began to tremble;
Those lions burst into the reed-bed of lances;
In their rush they crushed the horsemen and laid them waste;
Even their steeds were riding on the horses of the wind.

123

In chhoti si talwaron ke the kaat nirale
Thin kohniyan pahunchon se juda, haathon se bhaale
Misl apni jamaaye the jo be misl risaale
The jaiza in sab ka yahi dekhne waale
Naaz apne hunar par tha shujaan-e-Arab ko
Nezon ko qalam kar ke nadarad kiya sab ko

ان چھوٹی سی تلواروں کے تھے کاٹ نرالے
تھیں کہنیاں پہونچوں سے
جدا، ہاتھوں سے بھالے
مسل اپنی جمائے تھے جو بے مثل رسالے
تھے جائزہ ان سب کا یہی دیکھنے والے
ناز اپنے ہنر پر تھا شجاعان عرب کو
نیزوں کو قلم کر کے ندارد کیا سب کو

The cuts of those little swords were extraordinary;
Elbows were severed from wrists, and lances from hands;
The matchless squadrons that had drawn up their files,
It was these two who reviewed them all;
The brave men of Arabia had prided themselves on their skill;
Cutting their lances in two, the boys made them all vanish.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

124

Maut aayi udhar, neemche donon jidhar aaye
موت آئی اُدھر، نیمچے دونوں جدھر آئے

Jab haath barha, paaon pe kat kat ke sar aaye
جب ہاتھ بڑھا، پاؤں پہ کٹ کٹ کے سر آئے

Gar seene tak aaye to, kabhi ta kamar aaye
گر سینے تک آئے تو، کبھی تا کمر آئے

Khaali na phire, jis pe gaye, khoon mein bhar aaye
خالی نہ پھرے، جس پہ گئے، خوں میں بھر آئے

Har neemcha, bijli tha sitamgaron ke haq mein
ہر نیمچہ، بجلی تھا ستمگاروں کے حق میں

Doobe hue the do mah-e-nau, khoon ki shafaq mein
ڈوبے ہوئے تھے دو مہِ نو، خوں کی شفق میں

Wherever the two short swords came, death came there;
Whenever a hand was raised, heads came falling at their feet;
If they cut down to the breast, at times they reached the waist;
They never came back empty; whomever they struck, they came back filled with blood;
Each short sword was lightning for the oppressors;
Two new moons were steeped in a twilight of blood.

125

Uthti thi na dar se kisi khoon khwar ki gardan
اٹھتی تھی نہ ڈر سے کسی خوں خوار کی گردن

Sar khud ka jhuk jaata tha, talwar ki gardan
سر خود کا جھک جاتا تھا، تلوار کی گردن

Do chaar ke munh kat gaye, do chaar ki gardan
دو چار کے منہ کٹ گئے، دو چار کی گردن

Aswar ka sar ur gaya, rahwar ki gardan
اسوار کا سر اڑ گیا، رہوار کی گردن

Do neemche bijli se guzarte the kamar se
دو نیمچے بجلی سے گزرتے تھے کمر سے

Aadhe hue jaate the laeen jaan ke dar se
آدھے ہوئے جاتے تھے لعیں جان کے ڈر سے

From fear no bloodthirsty man could raise his neck;
The crown of the helmet bowed, and the neck of the sword;
Some had their faces slashed, some their necks;
The rider's head flew off, and the neck of his steed;
The two short swords passed like lightning through waists;
The accursed were shrinking to half their size in fear for their lives.

Free to read, copy and share

126

Do chhoti si teghon se qayamat nazar aayi
دو چھوٹی سی تیغوں سے قیامت نظر آئی

Masoomon ke haathon se karamat nazar aayi
معصوموں کے ہاتھوں سے کرامت نظر آئی

Sar katne ki, aada ke alamat nazar aayi
سر کٹنے کی، اعدا کے علامت نظر آئی

Lohe ki sipar bhi na salamat nazar aayi
لوہے کی سپر بھی نہ سلامت نظر آئی

Be wajh na phir jaate the munh ahl-e-jafa ke
بے وجہ نہ پھر جاتے تھے منہ اہلِ جفا کے

Darya ke thapere the, tamanche the qaza ke
دریا کے تھپیڑے تھے، طمانچے تھے قضا کے

From two little swords came a Day of Resurrection;
From the hands of the innocent a miracle was seen;
The enemy saw the sign that their heads would be cut off;
Not even an iron shield was seen unbroken;
Not without reason did the faces of the cruel turn away:
These were the blows of a river's waves, the slaps of fate.

127

Gardan se barhe kaat ke paikar nikal aaye
گردن سے بڑھے کاٹ کے پیکر نکل آئے

Jaushan ko dikhaate hue jauhar nikal aaye
جوشن کو دکھاتے ہوئے جوہر نکل آئے

Chaar aaina mein tair ke baahar nikal aaye
چار آئینہ میں تیر کے باہر نکل آئے

Sabun se do taar barabar nikal aaye
صابون سے دو تار برابر نکل آئے

Mehrab ke neeche kise jhukte nahin dekha
محراب کے نیچے کسے جھکتے نہیں دیکھا

Machhli ko bandhe paani mein rukte nahin dekha
مچھلی کو بندھے پانی میں رکتے نہیں دیکھا

Going on from the neck, they cut through the body and came out;
Showing their temper to the coats of mail, they came through;
They swam through the four-plated armour and came out beyond it,
Like two threads drawn evenly through soap;
Who has not been seen to bow beneath the arch?
No one has seen a fish held back by still water.

Free to read, copy and share

128

Har ghol mein ghaltan-o-tapan the sar-o-paikar
ہر غول میں غلطاں و تپاں تھے سر و پیکر

Dastaane kahin the, kahin dhaalen, kahin mighfar
دستانے کہیں تھے، کہیں ڈھالیں، کہیں مغفر

Jab neemche in donon ke uthte the barabar
جب نیمچے ان دونوں کے اٹھتے تھے برابر

Munh khauf se dhaalon mein chhupaate the sitamgar
منہ خوف سے ڈھالوں میں چھپاتے تھے ستم گر

Roke unhen, taqat ye na thi peer-o-jawan ki
روکے انہیں، طاقت یہ نہ تھی پیر و جواں کی

Surat nazar aane lagi tegh-e-do zaban ki
صورت نظر آنے لگی تیغِ دو زباں کی

In every band heads and bodies rolled and writhed;
Here lay gauntlets, there shields, there helmets;
When the short swords of these two rose together,
The oppressors hid their faces behind their shields in fear;
Neither old nor young had the strength to stop them;
The likeness of the two-tongued sword began to appear.

129

Ghaarat thi wo saf jis se wagha kar ke phire wo
غارت تھی وہ صف جس سے وِغا کر کے پھرے وہ

Do haath mein sau sau ko fana kar ke phire wo
دو ہاتھ میں سو سو کو فنا کر کے پھرے وہ

Sardaron ke sar tan se juda kar ke phire wo
سرداروں کے سر تن سے جدا کر کے پھرے وہ

Har ghol mein ik hashr bapa kar ke phire wo
ہر غول میں اک حشر بپا کر کے پھرے وہ

Ghul tha ke pare toote hue jam nahin sakte
غل تھا کہ پرے ٹوٹے ہوئے جم نہیں سکتے

Sar katne ki dehshat se qadam tham nahin sakte
سر کٹنے کی دہشت سے قدم تھم نہیں سکتے

Any rank they fought and turned from was laid waste;
With two strokes they destroyed hundreds and turned back;
They cut the commanders' heads from their bodies and turned back;
In every band they raised a Day of Judgement and turned back;
The cry went up, "Broken lines cannot hold;
In terror of losing our heads our feet cannot stand firm."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

130

Ghore the chhalawa, kabhi yaan the kabhi waan the
گھوڑے تھے چھلاوا، کبھی
یاں تھے کبھی واں تھے

Putli mein to phirte the, par aankhon se nihan the
پتلی میں تو پھرتے تھے، پر آنکھوں سے نہاں تھے

Yaan the jo subuk rau to udhar garm inan the
یاں تھے جو سبک رو تو ادھر گرم عناں تھے

Bijli the kisi ja to kahin aab-e-rawan the
بجلی تھے کسی جا تو کہیں آبِ رواں تھے

Ho sakti thi bijli se ye surat na hiran se
ہو سکتی تھی بجلی سے یہ سرعت نہ ہرن سے

Jhonke the hawa ke ke nikal jaate the san se
جھونکے تھے ہوا کے کہ نکل جاتے تھے سَن سے

The horses were will-o'-the-wisps, now here, now there;
They moved within the pupil of the eye, yet were hidden from sight;
If here they were light of foot, there they raced at full rein;
In one place they were lightning, in another flowing water;
Neither lightning nor deer could match such speed;
They were gusts of wind that rushed past with a whoosh.

131

Be aab the do din se ye jaandar the ghore
بے آب تھے دو دن سے یہ جاندار تھے گھوڑے

Har martaba ur jaane pe tayyar the ghore
ہر مرتبہ اڑ جانے پہ تیار تھے گھوڑے

Is paar kabhi the, kabhi us paar the ghore
اس پار کبھی تھے، کبھی اس پار تھے گھوڑے

Nuqta the wo sab fauj ki parkar the ghore
نقطہ تھے وہ سب فوج کی پرکار تھے گھوڑے

Das bees jo mar jaate the taapon se kuchal ke
دس بیس جو مر جاتے تھے ٹاپوں سے کچل کے

Barh sakta na tha ik bhi ahata se ajal ke
بڑھ سکتا نہ تھا اِک بھی احاطہ سے اجل کے

Without water for two days, yet so spirited were the horses;
At every moment the horses were ready to take flight;
Now they were on this side, now on that;
The whole army was the point, and the horses were the compass;
Ten or twenty died at a time, trampled under the hooves;
Not one could get beyond the circle of death.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

132

Taane hue seenon ko jidhar jaate the donon
تانے ہوئے سینوں کو جدھر جاتے تھے دونوں

Talwaron ki maujon se guzar jaate the, donon
تلواروں کی موجوں سے گزر جاتے تھے، دونوں

Har ghol mein be khauf-o-khatar jaate the, donon
ہر غول میں بے خوف و خطر جاتے تھے، دونوں

Sab hote the paspa to thehar jaate the, donon
سب ہوتے تھے پسپا تو ٹھہر جاتے تھے، دونوں

Ulti hui saf dekh ke hans deta tha bhai
الٹی ہوئی صف دیکھ کے ہنس دیتا تھا بھائی

Bhai ki taraf dekh ke hans deta tha bhai
بھائی کی طرف دیکھ کے ہنس دیتا تھا بھائی

Wherever the two went, with chests thrust out,
The two passed through the waves of swords;
The two rode into every band without fear or dread;
When all fell back, the two stood their ground;
Seeing a rank overturned, a brother would laugh;
Brother would look at brother and laugh.

133

Dam le ke jo ghoron ko uraate the wo jarrar
دم لے کے جو گھوڑوں کو اڑاتے تھے وہ جرار

Aada ke risaalon ko bhagaate the wo jarrar
اعدا کے رسالوں کو بھگاتے تھے وہ جرار

Sheron ki tarah fauj pe jaate the wo jarrar
شیروں کی طرح فوج پہ جاتے تھے وہ جرار

Do karte the yakta, jise paate the wo jarrar
دو کرتے تھے یکتا، جسے پاتے تھے وہ جرار

Sheron ne jo maara bhi to roo daron ko maara
شیروں نے جو مارا بھی تو رو داروں کو مارا

Jab aankh mili chun ke namudaron ko maara
جب آنکھ ملی چن کے نموداروں کو مارا

When, after a breath, those mighty warriors sent their horses flying,
Those mighty warriors put the enemy's squadrons to flight;
Like lions those mighty warriors fell upon the army;
Any peerless champion they found, those mighty warriors made two;
When those lions killed, they killed men of rank;
Whenever an eye met theirs, they picked out the notable and slew them.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

134

Jamiat-e-lashkar ko pareshan kiya, dam mein
جمعیتِ لشکر کو پریشاں کیا، دم میں

Jo fauj ki jaan the, unhen be jaan kiya dam mein
جو فوج کی جاں تھے، انہیں بے جاں کیا دم میں

Talwaron se jangal ko, gulistan kiya dam mein
تلواروں سے جنگل کو، گلستاں کیا دم میں

Sar kaat ke khoonkhwaron ko ghaltan kiya dam mein
سر کاٹ کے خونخواروں کو غلطاں کیا دم میں

Be dast the alamon ko, jo be deen liye the
بے دست تھے علموں کو، جو بے دین لیے تھے

Bachchon ne jawanon ke nishan chheen liye the
بچوں نے جوانوں کے نشاں چھین لئے تھے

In a moment they scattered the massed army;
In a moment they left lifeless those who were the life of the army;
In a moment their swords turned the wilderness into a rose garden;
In a moment they cut off the heads of the bloodthirsty and left them rolling;
The faithless who held the standards were left without hands;
The boys had seized the banners from grown men.

135

Do laakh ko donon ne kiya tha tah-o-bala
دو لاکھ کو دونوں نے کیا تھا تہ و بالا

Tegh ek ki chalti thi, to ik bhai ka bhaala
تیغ ایک کی چلتی تھی، تو اِک بھائی کا بھالا

Ik barh gaya gar ek ne ghore ko nikaala
اِک بڑھ گیا گر ایک نے گھوڑے کو نکالا

Dam us ne liya, us ne larai ko sambhaala
دم اس نے لیا، اس نے لڑائی کو سنبھالا

Yak ja faras-e-tez qadam ho gaye donon
یک جا فرسِ تیز قدم ہو گئے دونوں

Jab bheer barhi kuchh to baham ho gaye donon
جب بھیڑ بڑھی کچھ تو بہم ہو گئے دونوں

The two had thrown two hundred thousand into confusion;
One brother's sword was at work, the other brother's lance;
When one drew his horse out, the other pressed forward;
When one took breath, the other took up the fight;
The two swift-footed horses came together in one place;
When the crowd pressed in a little, the two joined together.

Free to read, copy and share

136

Wo chher ke tazi ko sawaron mein dar aaya
وہ چھیڑ کے تازی کو سواروں میں در آیا

Dam bhar mein piyadon ko pamaal kar aaya
دم بھر میں پیادوں کو پامال کر آیا

Jab sher sa pahuncha wo udhar, ye idhar aaya
جب شیر سا پہونچا وہ ادھر، یہ ادھر آیا

Jaan aa gayi bhai ko jo bhai nazar aaya
جاں آگئی بھائی کو جو بھائی نظر آیا

Bach bach ke nikalte the jo nezon ke tale se
بچ بچ کے نکلتے تھے جو نیزوں کے تلے سے

Ik bhai lipat jaata tha bhai ke gale se
اِک بھائی لپٹ جاتا تھا بھائی کے گلے سے

One spurred his Arab steed and burst in among the horsemen;
In a moment he had trampled the foot soldiers and come back;
When that lion-like one reached that side, this one came to this;
Life returned to each brother when he saw his brother;
When they came out from under the lances, dodging them,
One brother would throw his arms around the other's neck.

137

Kuchh bhai se barh kar jo wagha karta tha bhai
کچھ بھائی سے بڑھ کر جو وِغا کرتا تھا بھائی

Bach jaane ki bhai ke dua karta tha bhai
بچ جانے کی بھائی کے دعا کرتا تھا بھائی

Haq bhai ki ulfat ka ada karta tha bhai
حق بھائی کی الفت کا ادا کرتا تھا بھائی

Har waar pe bhai ki sana karta tha bhai
ہر وار پہ بھائی کی ثنا کرتا تھا بھائی

Tum sa nahin safdar koi wallah biradar
تم سا نہیں صفدر کوئی واللہ برادر

Kya khoob lare sallamak Allah biradar
کیا خوب لڑے سلمک اللہ برادر

If one brother fought a little better than the other,
That brother would pray for his brother's safety;
Each brother paid what he owed to his brother's love;
At every blow one brother praised the other:
"By Allah, brother, there is no breaker of ranks like you;
How well you fought! Allah keep you safe, brother."

Free to read, copy and share

138

Kehta tha bare bhai se chhota ba sad aadab
Bhai main bhaga doon abhi in ko, jo mile aab
Ab pyaas ki garmi se kaleje ko nahin taab
Seene mein mera dil nahin, atish pe hai seemab
Hum log muhiq kya nahin is aab-e-rawan ke
Taalu mein khalish hoti hai kaanton se zaban ke

کہتا تھا بڑے بھائی سے چھوٹا بصد آداب
بھائی میں بھگا دوں ابھی ان کو، جو ملے آب
اب پیاس کی گرمی سے کلیجے کو نہیں تاب
سینے میں مرا دل نہیں، آتش پہ ہے سیماب
ہم لوگ محق کیا نہیں اس آبِ رواں کے
تالو میں خلش ہوتی ہے کانٹوں سے زباں کے

The younger said to the elder with all respect,
"Brother, I could put them to flight now if I had water;
Now my heart cannot bear the heat of thirst;
It is not a heart in my breast but quicksilver on a fire;
Have we no right to this flowing water?
My palate is pricked by the thorns on my tongue."

139

Kehta tha bara bhai main sadqe tere gulfam
Hum khushk zabanon ko, bhala paani se kya kaam
Ab jald ajal aaye to Kausar ka piyen jaam
Ghash hum ko bhi aa jaaye ga, paani ka na lo naam
Aankhen to sitamgaron ki teghon se lari hain
Chupke raho amman dar-e-khema pe khari hain

کہتا تھا بڑا بھائی میں صدقے ترے گلفام
ہم خشک زبانوں کو، بھلا پانی سے کیا کام
اب جلد اجل آئے تو کوثر کا پئیں جام
غش ہم کو بھی آجائے گا، پانی کا نہ لو نام
آنکھیں تو ستمگاروں کی تیغوں سے لڑی ہیں
چپکے رہو اماں درِ خیمہ پہ کھڑی ہیں

The elder brother said, "May I be your sacrifice, my rose-faced one;
What have we dry-tongued ones to do with water?
Now may death come soon, so that we drink the cup of Kausar;
I too shall faint; do not speak of water;
Our eyes are locked with the swords of the oppressors;
Hush, Mother is standing at the door of the tent."

Free to read, copy and share

140

Is nahr ka lena to kuchh aisa nahin mushkil
اس نہر کا لینا تو کچھ ایسا نہیں مشکل

Roken hamen kya taab laeenon ki hai, kya dil
روکیں ہمیں کیا تاب لعینوں کی ہے، کیا دل

Pul baandh len laashon ke abhi hum sar-e-sahil
پل باندھ لیں لاشوں کے ابھی ہم سرِ ساحل

Batlaaiye, phir nahr ke le lene se hasil
بتلایئے، پھر نہر کے لے لینے سے حاصل

Dekho na idhar pyaas se go laakh taab hai
دیکھو نہ ادھر پیاس سے گو لاکھ تعب ہے

Amman hamen gar doodh na bakhshen to ghazab hai
اماں ہمیں گر دودھ نہ بخشیں تو غضب ہے

"Taking this river is not so very hard;
What strength or heart have the accursed to stop us?
We could build a bridge of corpses on the bank right now;
But tell me, what would be gained by taking the river?
Do not look this way, though thirst torments you a hundredfold;
It would be a calamity if Mother did not forgive us her milk."

141

Ashk aankhon mein bhar kar,
kaha chhote ne bahut khoob
اشک آنکھوں میں بھر کر، کہا
چھوٹے نے بہت خوب

Har dam hai razamandi-e-madar hamen matloob
ہر دم ہے رضامندیٔ مادر ہمیں مطلوب

Aise to nahin hum ke buzurgon se hon mahjoob
ایسے تو نہیں ہم کہ بزرگوں سے ہوں محجوب

Manzoor ye tha fakhr ka, nikle koi uslub
منظور یہ تھا فخر کا، نکلے کوئی اسلوب

Darya ko bhi dekhen ge na ab aankh utha ke
دریا کو بھی دیکھیں گے نہ اب آنکھ اٹھا کے

Peete bhi to pehle shah-e-wala ko pila ke
پیتے بھی تو پہلے شہِ والا کو پلا کے

His eyes filling with tears, the younger said, "Very well;
At every moment we seek our mother's approval;
We are not such as to be put to shame before our elders;
All I wished was that some cause for pride might come of it;
Now we will not even raise our eyes to look at the river;
Even if we drank, it would be after giving the exalted King to drink first."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

142

Jafar ke jo pote hain, to Haidar ke nawaase
جعفرؑ کے جو پوتے ہیں، تو حیدرؑ کے نواسے

Kuchh hum Ali Akbar se ziyada nahin pyaase
کچھ ہم علیؑ اکبر سے زیادہ نہیں پیاسے

Ye kehte hi larne lage, phir ahl-e-jafa se
یہ کہتے ہی لڑنے لگے، پھر اہلِ جفا سے

Faryad ke bachchon pe giri fauj qafa se
فریاد کہ بچوں پہ گری فوج قفا سے

Khoon sar ka baha munh pe to ghabra gaye donon
خوں سر کا بہا منہ پہ تو گھبرا گئے دونوں

Do laakh ki teghon ke tale aa gaye donon
دو لاکھ کی تیغوں کے تلے آ گئے دونوں

"If we are Jafar's grandsons, we are Haidar's grandsons too;
We are no thirstier than Ali Akbar."
Saying this, they began to fight the cruel ones again;
Alas! The army fell on the boys from behind;
When the blood from their heads ran down their faces, the two were dazed;
The two fell beneath the swords of two hundred thousand.

143

Doobe hue the shaam ke baadal mein wo do mah
ڈوبے ہوئے تھے شام کے بادل میں وہ دو ماہ

Parde se khari takti thi, Zainab soo-e-jangah
پردے سے کھڑی تکتی تھی، زینبؑ سوئے جنگاہ

Abbas se kehte the tarap kar shah-e-zi jah
عباسؑ سے کہتے تھے تڑپ کر شہِ ذی جاہ

Ab mujh se juda hote hain do sher mere aah
اب مجھ سے جدا ہوتے ہیں دو شیر مرے آہ

Kyun kar mutahammil ho dil is ranj-o-mihan ka
کیوں کر متحمل ہو دل اس رنج و محن کا

Ghar lutta hai bhai meri nadar behan ka
گھر لٹتا ہے بھائی مری نادار بہن کا

Those two moons were sunk in the clouds of evening;
Zainab stood at the curtain, gazing towards the battlefield;
In anguish the exalted King said to Abbas,
"Now my two lions are being parted from me, alas;
How can the heart bear this grief and sorrow?
Brother, the house of my destitute sister is being plundered."

Free to read, copy and share

144

Is bibi ke faaqon ke hain paale hue ye laal
اس بی بی کے فاقوں کے ہیں پالے ہوئے یہ لال

Daulat hai yahi, aur yahi hashmat-o-iqbal
دولت ہے یہی، اور یہی حشمت و اقبال

Saat aath baras ke hain abhi kya hai sin-o-saal
سات آٹھ برس کے ہیں
ابھی کیا ہے سن و سال

Sab haath malen ge jo ye gul ho gaye pamaal
سب ہاتھ ملیں گے جو یہ گل ہو گئے پامال

Taza yahi do phool hain Jafar ke chaman mein
تازہ یہی دو پھول ہیں جعفرؑ کے چمن میں

Mar jaaye ga baap un ki khabar sun ke watan mein
مر جائے گا باپ ان کی خبر سن کے وطن میں

"These darlings were raised by that lady through days of hunger;
They are her only wealth, her only glory and fortune;
They are only seven or eight years old; what age is that?
Everyone will wring their hands if these flowers are trampled;
These are the only two fresh flowers in Jafar's garden;
Their father will die at home when he hears the news of them."

145

Ro kar dam-e-rukhsat wo yahi kehte the har baar
رو کر دمِ رخصت وہ یہی کہتے تھے ہر بار

Main shah ka khadim hoon, ye
donon hain namak khwar
میں شاہ کا خادم ہوں، یہ دونوں ہیں نمک خوار

Agah suubat-e-safar se nahin zinhar
آگاہ صعوباتِ سفر سے نہیں زنہار

Ae dukhtar-e-Zahra mere beton se khabardar
اے دخترِ زہرا مرے بیٹوں سے خبردار

Main rakh nahin sakta hoon ke mamoon pe fida hain
میں رکھ نہیں سکتا ہوں کہ ماموں پہ فدا ہیں

Ab to yahi donon mere peeri ke asa hain
اب تو یہی دونوں مرے پیری کے عصا ہیں

"At parting he wept and kept saying,
'I am the King's servant, and these two have eaten his salt;
They know nothing at all of the hardships of travel;
O daughter of Zahra, take care of my sons;
I cannot keep them back, for they are devoted to their uncle;
These two are now the staffs of my old age.'"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

146

Shauhar ka tarapna use kuchh bhi na raha yaad
شوہر کا تڑپنا اسے کچھ بھی نہ رہا یاد

Hae hae meri ulfat mein luti Zainab-e-nashad
ہے ہے مری الفت میں لٹی زینبؑ ناشاد

Yun bhai pe sadqe koi karta nahin aulad
یوں بھائی پہ صدقے کوئی کرتا نہیں اولاد

Hum dekhte hain aur behan hoti hai barbad
ہم دیکھتے ہیں اور بہن ہوتی ہے برباد

Roye gi wo beton ko to samjhaayen ge kyun kar
روئے گی وہ بیٹوں کو تو سمجھائیں گے کیوں کر

Munh Zainab-e-dilgeer ko dikhlaayen ge kyun kar
منہ زینبِ دلگیر کو دکھلائیں گے کیوں کر

"She has quite forgotten her husband's anguish;
Alas, alas, unhappy Zainab has been ruined for love of me;
No one sacrifices their children for a brother like this;
I look on, and my sister is being ruined;
When she weeps for her sons, how shall I console her?
How shall I show my face to grieving Zainab?"

147

Abbas ne ki arz, kaleja hai do paara
عباسؑ نے کی عرض، کلیجہ ہے دو پارا

In ko to kisi ki nahin, imdad gawara
ان کو تو کسی کی نہیں، امداد گوارا

Zakhmi hue, na mujh ko na Akbar ko pukaara
زخمی ہوئے، نہ مجھ کو نہ اکبرؑ کو پکارا

Jaaye ye ghulam aap jo farmaayen ishaara
جائے یہ غلام آپ جو فرمائیں اِشارا

Hazrat ki qasam de ke main samjhaaoon ga un ko
حضرت کی قسم دے کے میں سمجھاؤں گا ان کو

Machlen ge to godi mein utha laaoon ga un ko
مچلیں گے تو گودی میں اٹھا لاؤں گا ان کو

Abbas said, "My heart is torn in two;
They will not accept anyone's help;
They have been wounded, yet they called neither me nor Akbar;
If you give the sign, this slave of yours will go;
I will make them listen, adjuring them by you, my lord;
If they resist, I will carry them back in my arms."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

148

Hazrat ne kaha sahib-e-ghairat hain, wo donon
حضرت نے کہا صاحبِ غیرت ہیں، وہ دونوں

Lakht-e-jigar-e-shah-e-wilayat hain wo donon
لختِ جگر شاہِ ولایت ہیں وہ دونوں

Zirgham-e-neestan-e-shujaat hain, wo donon
ضرغامِ نیستانِ شجاعت ہیں، وہ دونوں

Wallah bare sahib-e-himmat hain wo donon
واللہ بڑے صاحبِ ہمت ہیں وہ دونوں

Do laakh to kya hain jo karoron mein ghiren ge
دو لاکھ تو کیا ہیں جو کروروں میں گھریں گے

Be jaan diye, wo na phire hain na phiren ge
بے جان دیے، وہ نہ پھرے ہیں نہ پھریں گے

The Hazrat said, "Those two are men of honour;
They are the darlings of the King of sainthood;
Those two are lions of the reed-bed of valour;
By Allah, they are men of great courage;
Two hundred thousand is nothing; even if they are surrounded by millions,
They have never turned back without giving their lives, nor will they."

149

Barhne lage maidan ki taraf Qasim-e-zi jah
بڑھنے لگے میداں کی طرف قاسمِ ذی جاہ

Akbar ne ye ki arz ke main jaata hoon ya shah
اکبرؑ نے یہ کی عرض کہ میں جاتا ہوں یا شاہ

Hai donon ki furqat ka, mujhe sadma-e-jaankah
ہے دونوں کی فرقت کا، مجھے صدمۂ جانکاہ

Laakhon mein hain tanha
phuphi amman ke pisar, aah
لاکھوں میں ہیں تنہا پھوپھی اماں کے پسر، آہ

Reti pe kahin gir na paren barchhiyan kha kar
ریتی پہ کہیں گر نہ پڑیں برچھیاں کھا کر

Main saath unhen le aata hoon aada ko bhaga kar
میں ساتھ انہیں لے آتا ہوں اعدا کو بھگا کر

Noble Qasim began to move towards the battlefield;
Akbar said, "I will go, O King;
Parting from those two is a soul-wasting grief to me;
My aunt's sons are alone among hundreds of thousands, alas;
Lest they be struck by spears and fall on the sand,
I will drive off the enemy and bring them back with me."

Free to read, copy and share

150

Ghabra ke dar-e-khema se Zainab ye pukaari
گھبرا کے درِ خیمہ سے زینبؑ یہ پکاری

Sar nange main nikloon gi, jo tum jaao ge waari
سر ننگے میں نکلوں گی، جو تم جاؤ گے واری

Aulad mujhe tum se ziyada nahin pyaari
اولاد مجھے تم سے زیادہ نہیں پیاری

Batlaao ke main un ki hoon aashiq ke tumhaari
بتلاؤ کہ میں ان کی ہوں عاشق کہ تمہاری

Maidan ki taraf Qasim-e-be par bhi na jaayen
میداں کی طرف قاسمِؑ بے پر بھی نہ جائیں

Talwaron mein Abbas-e-dilawar bhi na jaayen
تلواروں میں عباسِؑ دلاور بھی نہ جائیں

In alarm Zainab called out from the door of the tent,
"I will come out bareheaded if you go, my darling;
My children are not dearer to me than you;
Tell me, whom do I love, them or you?
Let not helpless Qasim go towards the battlefield either,
Nor brave Abbas go among the swords."

Printed from https://fzic.org/library/noha/jab-zulf-ko-khole-hue-laila-e-shab-aayi-50010 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.